DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 31.05.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بھارتی سرپرستی میں بلوچستان میں حملہ کیا گیا صدر وزیر اعظم۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | چین کی قومی تاریخ ترقی پذیر اقوام کے لیے بقعہ نور ہے، گورنر بلوچستان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | بدامنی کا خاتمہ حکومت کی ترجیح ہے دہشت گردوں کو نشان عبرت بنائیں گے، وزیر اعلیٰ بلوچستان۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | صحت کی سہولیات کی فراہمی میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، بخت محمد کاکڑ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | بھٹو نے جان قربان کر کے ایٹمی پروگرام شروع کیا، بابا عمرانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | مسلح افواج ہر چیلنج سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، نسیم الرحمٰن۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | پیپلز پارٹی بچوں اور خواتین کے حقوق کے لیے پرعزم ہے، ظہور بلیدی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | عوامی شکایت کے فوری حل پر توجہ دی جائے، چیف سیکرٹری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے وفاق کا تعاون جاری ہے، سیدال خان ناصر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | فتنہ بھارت کے دہشت گردوں نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہدایت اللہ بلیدی کو شہید اور گھر کو آگ لگا دی 5 ہلاک مزید کی تلاش جاری ہے، ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے کلی ملاخیل میں فری میڈیکل کیمپ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | محکمہ آبپاشی اربوں روپے کے نقصان پر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اظہار برہمی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | مویشی منڈیوں میں کانگو وائرس سے بچاؤ کے لیے سپرے کیا جائے گا، ڈائریکٹر جنرل اینیمل ہیلتھ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | کوئٹہ تجاوزات اور گرانفروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 31 دکاندار گرفتار۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | فوڈ اتھارٹی کی گندی پانی سے کاشت فصلوں کے خلاف کارروائی جاری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | آئندہ بجٹ میں روزگار کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے کریم نوشیروانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | اسٹیبلشمنٹ اور سیاسی جماعتیں ایک پیج پر ہیں، لشکری رئیسانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | حقوق بلوچستان تحریک کی کامیابی کے لیے میڈیا کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا جماعت اسلامی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | بلوچستان میں علیحدگی پسند ریاست پر حملہ آور ہیں جنرل ریٹائرڈ عبدالقادر بلوچ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | احتجاج کرنا سیاسی پارٹیوں وقیادت کا جمہوری حق ہے، بی این پی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 21 | حقوق بلوچستان تحریک کی کامیابی کے لیے میڈیا کو کردار ادا کرنا ہوگا، مولانا ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

بیلہ کارروائی میں چھینی گئی گاڑی برآمد ایک ڈاکو گرفتار، بیلہ پولیس نے لاوارث کار قبضے میں لے لی، سوراب دہشت گردوں کا حملہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جاں بحق بینک لوٹ لیا سرکاری آفسران کے گھر تھانہ نظر آتش، حب شہری نے رقم چھین کر بھاگنے والے تین ڈاکو مار ڈالے ساتھی فرار، طلباء کو منشیات فروخت کرنے والا ملزم رنگ ہاتھوں گرفتار، صحبت پور نوجوان کی درخت سے لٹکی لاش برآمد، کوئٹہ وملحقہ علاقوں میں کمسن بچوں کے لاپتا ہونے کے واقعات میں اضافہ۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**عوامی مسائل:**

| |
|---|
| عارضی منڈی سجناشروع مویشیوں کی قیمت اسمان سے باتیں کرنے لگی مالدار پریشان، کوئٹہ شدید گرمی کی لپیٹ میں عوام پانی کی قلت سے دوچار۔ |

**مورخہ** 31.05.2025

**اداریہ:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **ترقیاتی منصوبوں پر بروقت عمل درآمد کو ہر صورت یقینی بنانے کا عزم !"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ گذشتہ روز صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت ترقیاتی سکیموں کے بجٹ کا ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، اسپیشل سیکرٹری خزانہ جہانگیر اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں پر بروقت عمل درآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائیگا۔ حکومت شفافیت، کفایت شعاری اور وسائل بروئے کار لائے گی۔ این ایف سی ایوارڈ کے تحت وفاق سے ملنے والے فنڈز ٹیکس میں وصولیوں سے حاصل، محاصل اور رائلٹی کو موثر اور شفاف انداز میں استعمال کیا جائے گا۔ اجلاس میں غیر ضروری اور غیر پیداواری اخراجات کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں چھوٹی اور عوامی مفاد کی حامل ترقیاتی سکیموں کے لیے مختص فنڈز فوری طور پر جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا تا کہ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل ممکن ہو اور عوام جلد از جلد ان کے ثمرات سے مستفید ہو۔

**اداریے:**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ "**بلوچستان میں ووکیشنل وٹیکنیکل ایجوکیشن کا فروغ حکومت کے مستحسن فیصلے** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **بلوچستان جامعات پر ایک اور سنگین معاشی حملہ** "کے عنوان سے ڈاکٹر طاہر حکیم کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 31 MAY 2025 Page No. 1

# بھارتی سرپرستی میں بلوچستان میں حملہ کیا گیا، صدر، وزیراعظم

## دہشت گردوں کا معصوم شہریوں اور ان کی املاک پر حملہ ان کی عوام دشمنی اور بلوچستان کی ترقی کیخلاف سوچ کی کھلی عکاسی ہے

## پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ذمہ داروں کی نشاندہی کر کے قرار واقعی سزا دی جائے، مواب واقعہ کی مذمت

اسلام آباد (انتخاب نیوز) صدر آصف زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی سوارب، بلوچستان میں دہشت گردی پھیلانے والے عناصر کی جانب سے بینک، معصوم شہریوں اور انتظامیہ کے افسران پر بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت، دہشت گردوں سے اپنے علاقے کا دفاع کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہدایت اللہ بلیدی کو خراج عقیدت، شہید کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی اور صبر کی دعا، بزدل بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر

اور بلوچستان کے عوام کا جینا مرنا ایک ساتھ ہے دونوں صوبوں میں پیپلز پارٹی کی حکومتوں کا ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ دونوں صوبوں کے عوام پیپلز پارٹی کے ساتھ ہیں۔

# وزیراعظم محمد شہباز شریف آج کوئٹہ کا ایک روزہ اہم دورہ کریں گے

## فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کے ہمراہ جرگے میں شرکت کرینگے، عمائدین کو اعتماد میں لیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف آج کوئٹہ کا ایک روزہ اہم دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف، چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وفاقی وزراء آج کوئٹہ میں ایک اہم جرگے میں شرکت کریں گے، جرگے میں قائم مقام گورنر بلوچستان بقیہ نمبر 52 صفحہ 5 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان، صوبائی وزراء، ارکان اسمبلی، قبائلی و سیاسی عمائدین کی بڑی تعداد کو مدعو کیا گیا ہے۔ جرگے میں بلوچستان کی امن وامان سمیت مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال، مشاورت سمیت صوبے کے عمائدین کو مختلف امور پر اعتماد میں لیا جائیگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 31 MAY 2025

Page No. 2

# سی پیک کی تکمیل سے گوادر تا کاشغر معاشی انقلاب کا آغاز ہوگا، گورنر مندوخیل

**انقلابی قیادت کے وژن اور غیر معمولی سیاسی بصیرت سے چین بہت مختصر عرصے میں عالمی رہنما بن گیا ہے، چینی رہنماؤں سے گفتگو**

سنکیانگ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے چین کے سرکاری دورے کے موقع پر کہا کہ چین کی قومی تاریخ تحریک کی روشنی کے طور پر کام کرتی ہے، جو پوری دنیا بالخصوص ترقی پذیر ممالک اور پسماندہ اقوام کیلئے قابل قدر اسباق پیش کرتی ہے۔ سوشلسٹ انقلاب کے آغاز سے آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا ایک اہم مرکز بننے تک کا سفر چینی قوم اور کمیونسٹ انقلابی تنظیم کی قیادت کے وژن اور غیر معمولی سیاسی بصیرت کو ظاہر کرتا ہے۔ دنیا میں اپنی سب سے بڑی آبادی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اور ٹیکنالوجیکل ایڈوانسمنٹ کو اپناتے ہوئے چین بہت مختصر عرصے میں عالمی رہنما بن گیا ہے۔ سی پیک کا پاکستان میں گوادر اور چین میں کاشغر اہم مراکز ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج چین کے صوبے سنکیانگ میں چین کمیونسٹ پارٹی پولیٹیکل بیورو کی مرکزی کمیٹی کے رکن اور سی پی سی سنکیانگ ایغور خودمختار ریجنل کمیٹی کے سیکرٹری (Ma Xingrui) اور سنکیانگ صوبے کے گورنر (Erkin Tuniyaz) سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا واضح رہے کہ مذکورہ دس رکنی وفد گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور ان کے ہمراہ وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، نواب جنگیز خان مری، صوبائی وزراء میر صادق عمرانی، میر عاصم کرد گیلو، اے این پی کے داؤد خان اچکزئی، چیئرمین فرینڈز آف چائنا بایزید خان کاسی اور مہراب خان مری سے ملنے کیلئے باقاعدہ ہوٹل پہنچ گئے اور یقین دلایا کہ سی پیک کی کامیابی اور بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے اسکالرشپ پروگرام کو کامیاب بنانے کی یقین دہانی کرائی۔ جس پر گورنر مندوخیل خصوصی شکریہ ادا کیا۔ اس موقع گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کی تکمیل سے گوادر تا کاشغر معاشی انقلاب کا آغاز ہوگا۔ پاکستان اور خاصکر بلوچستان میں تعمیر وترقی میں چینی حکومت کی مدد اور رہنمائی اشد ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین نے صنفی مساوات کو فروغ دینے اور خواتین کو معاشی طور پر خود مختار بنانے میں نمایاں پیش رفت کی ہے۔ چین میں خواتین تعلیم، صحت کی دیکھ بھال اور ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں مردوں کے برابر کردار ادا کر رہی ہیں۔ چینی حکومت نے زندگی کے مختلف شعبوں میں قائدانہ عہدوں پر فائز خواتین کی تعداد میں اضافہ کرنے میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ دہشت گروی، جنونیت اور انتہا پسندی سے نمٹنے میں چین کا تجربہ بہت انوکھا ہے۔ چین کی حکمت عملی میں ایک کثیر جہتی نقطہ نظر شامل ہے جسمیں حفاظتی اقدامات، اقتصادی ترقی، تعلیم اور سماجی انضمام شامل ہیں۔ چینی قیادت کی یہ بصیرت ان ممالک اور اقوام کیلئے کارآمد آسکتی ہے جو انتہاپسندی اور دہشتگردی کے شکار ہیں۔ علاوہ ازیں چین عالمی سطح پر بھی ہر قسم کی دہشت گردی اور انتہاپسندی سے نمٹنے کیلئے بین الاقوامی تعاون میں مصروف ہے۔ وقت آپہنچا ہے کہ ہم باہمی تعاون اور مشترکہ کاوشوں سے تعمیر اور ترقی کی نئی راہیں متعین کریں۔



سنکیانگ: گورنر جعفر مندوخیل کے اعزاز میں کمیونسٹ پارٹی آف چائنا اور گورنر سنکیانگ کی جانب سے عشائیہ دیا جارہا ہے

MASHRIQ QUETTA

# چین کی قومی تاریخ ترقی پذیر اقوام کیلئے بقعہ نور ہے، گورنر بلوچستان

**سوشلسٹ انقلاب کے آغاز سے آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے مرکز تک کا سفر عظیم بصیرت کا مظہر ہے**

سنکیانگ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے چین کے سرکاری دورے کے موقع پر کہا کہ چین کی قومی تاریخ تحریک کی روشنی کے طور پر کام کرتی ہے......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7

، جو پوری دنیا بالخصوص ترقی پذیر ممالک اور پسماندہ اقوام کیلئے قابل قدر اسباق پیش کرتی ہے۔ سوشلسٹ انقلاب کے آغاز سے آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا ایک اہم مرکز بننے تک کا سفر چینی قوم اور کمیونسٹ انقلابی تنظیم کی قیادت کے وژن اور غیر معمولی سیاسی بصیرت کو ظاہر کرتا ہے۔ دنیا میں اپنی سب سے بڑی آبادی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اور ٹیکنالوجیکل ایڈوانسمنٹ کو اپناتے ہوئے چین بہت مختصر عرصے میں عالمی رہنما بن گیا ہے۔ سی پیک کا پاکستان میں گوادر اور چین میں کاشغر اہم مراکز ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج چین کے صوبے سنکیانگ میں چین کمیونسٹ پارٹی پولیٹیکل بیورو کی مرکزی کمیٹی کے رکن اور سی پی سی سنکیانگ ایغور خودمختار ریجنل کمیٹی کے سیکرٹری (XingruiMa) اور سنکیانگ صوبے کے گورنر (Erkin Tuniyaz) سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا واضح رہے کہ مذکورہ دس رکنی وفد گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور ان کے ہمراہ عوامی نیشنل پارٹی کے داود خان اچکزئی، چیرمین فرینڈز آف چائنا بایزید خان کاسی، وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی وزراء میر صادق عمرانی، میر عاصم کرد گیلو، نواب چنگیز خان مری اور نواب مہراب خان مری سے ملنے کیلئے باقاعدہ ہوٹل پہنچ گئے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3


Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے

چیف ایڈیٹر: نعمت اللہ

جلد 21 | ہفتہ 31 مئی 2025ء، 03 ذی الحجہ 1446ھ | شمارہ 52


وزیر اعلیٰ بلوچستان

# بدامنی کا خاتمہ حکومت کی ترجیح ہے، دہشتگردوں کو نشان عبرت بنائینگے

## ہدایت اللہ بلیدی نے بلوچ روایت و ریاستی وفاداری کا حق ادا کرتے ہوئے جان قربان کی، شہادت کو سلام پیش کرتے ہیں، میر سرفراز بگٹی

## سوراب میں بی ایل اے دہشت گردوں کے حملے میں اے ڈی سی ریونیو ہدایت اللہ بلیدی شہید، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے کے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ اے ڈی سی ریونیو کے عہدے پر ہونے کے باوجود آج جب سوراب میں فتنہ الہند بی ایل اے کے دہشت گردوں نے بازار میں عورتوں اور بچوں پر گو بقیہ 6 صفحہ 6 پر

لیاں برسانی شروع کیں تو ہدایت اللہ بلیدی نے بلوچ روایات اور ہمت کی پاسداری کرتے ہوئے ریاست پاکستان کے تحفظ کے عہد کی تکمیل کرتے ہوئے جان قربان کردی۔ اللہ تعالیٰ ان کی شہادت کو قبول کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین!

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 ہفتہ 31 مئی 2025ء بمطابق 02 ذوالحجہ 1446ھ قیمت 20 روپے شمارہ 148


## ہدایت اللہ بلیدی نے بلوچ روایت وریاستی وفاداری کا حق ادا کیا' سرفراز بگٹی

### فتنہ الہندی ایل اے کے دہشت گردوں کے سامنے جان قربان کرتے ہوئے شہادت قبول کی

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے کے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ اے ڈی سی ریونیو کے عہدے پر ہونے کے باجود آج جب سوراب میں فتنہ الہندبی ایل اے کے دہشت گردوں نے بازار میں عورتوں اور بچوں پر گولیاں برسانی شروع کیں تو ہدایت اللہ بلیدی نے بلوچ روایات اور ہمت کی پاسداری کرتے ہوئے ریاست پاکستان کے تحفظ کے عہد کی تکمیل کرتے ہوئے جان قربان کردی۔ اللہ تعالیٰ ان کی شہادت کو قبول کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

حکومتی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 31 MAY 2025 Page No. 5

Bullet No. 1

## صحت کی سہولیات کی فراہمی میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، بخت محمد

### نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس، مالی امور اور مریضوں کو درپیش مسائل پر غور

مستونگ (نامہ نگار) نواب شہید غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی سربراہی میں منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی ڈپٹی کمشنر مستونگ کیپٹن ریٹائرڈ راجہ اطہر عباس چیف ایگزیکٹو افسر شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ ڈاکٹر عامر اقبال رئیسانی فوکل پرسن ڈاکٹر شبیر لہڑی طفیل بلوچ ڈپٹی سیکرٹری فنانس فضیلہ ٹیکنیکل ڈائریکٹر ڈاکٹر شاکو اکاونٹس افسر شبیر احمد شاہوانی سمیت محکمہ صحت کے سینئر افسران، ہسپتال انتظامیہ اور بورڈ کے دیگر ارکان نے شرکت کی، اجلاس میں ہسپتال کی موجودہ صورتحال، عملے کی کمی، دستیاب سہولیات، مالی امور اور مریضوں کو درپیش مسائل پر غور وخوض کیا گیا۔ وزیر صحت نے کہا کہ ہسپتال میں عوام کو درپیش مسائل کا فوری ازالہ ناگزیر ہے اور کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اجلاس میں ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں ماہر ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی فوری تعیناتی، بنیادی طبی سہولیات کی بہتری اور آلات کی فراہمی سے متعلق فیصلے کیے گئے، اس کے ساتھ بورڈ نے مالیاتی شفافیت، صفائی ستھرائی اور مریضوں کے حقوق سے متعلق اقدامات پر بھی زور دیا، وزیر صحت نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ اجلاس میں لیے گئے فیصلوں پر بروقت اور موثر عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور ہسپتال کی انتظامیہ کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر طبی سہولیات میسر آسکیں۔

## میر شعیب نوشیروانی سے مختلف شخصیات نے تعزیت کی

خاران (نامہ نگار) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی میر عبداللطیف نوتیزئی، ڈاکٹر مشتاق نوشیروانی کے سسر حاجی میر محمد اسماعیل نوشیروانی حاجی میر ذوالفقار نوشیروانی کے والد کے میر ظفر جان نوشیروانی کے انتقال پر جمعہ کو رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر زاہد علی ریکی، کمانڈنٹ خاران رائفلز کرنل بلال شوکت ڈی آئی جی پولیس رخشان وزیر خان ناصر ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو، ایکسین شہاب مگسی، میر فیصل نوشیروانی، حاجی میر آغا خان ریکی، وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سردار امین اللہ درانی، ایڈووکیٹ میر محمد اسماعیل پیرکزئی، حاجی غلام سرور بلوچ، حاجی نور احمد ملازئی، سید مقبول شاہ، حاجی عطاء اللہ اجباڑی، حاجی جلیل ریکی حمید بلوچ سردار فضل سمالانی سمیت مختلف شخصیات نے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

## بھٹو نے جان قربان کرکے ایٹمی پروگرام شروع کیا، بابا عمرانی

### قوم کو قائد عوام، ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور ان کی سائنسی ٹیم پر فخر ہے، صوبائی مشیر

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی مشیر محنت وافرادی قوت سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا ہے کہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت میں شروع ہونے والے ایٹمی پروگرام نے 28 مئی 1998ء کے دن ایٹمی دھماکے کرکے بھارت سمیت دنیا کو پیغام دیا کہ پاکستان پرامن ملک ہے جو اپنے دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرسکتا قوم کو ذوالفقار علی بھٹو سمیت سیاسی قیادت اور ڈاکٹر عبدالقدیر خان وان کی سائنسی ٹیم پر فخر ہے جن کی قربانیوں کی بدولت آج پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر بن چکا ہے خصوصاً قائد عوام نے اپنی جان تک قربان کردی مگر اصولوں اور ملک کے مفادات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا۔

MASHRIQ QUETTA

## مسلح افواج ہر چیلنج سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں، نسیم الرحمن

### کوئی بھی طاقت پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھے گی تو اسے منہ توڑ جواب ملے گا

### پوری قوم افواج پاکستان کی پشت پر سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہے

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) کوئٹہ ڈویژن لالا نسیم الرحمان ملاخیل نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) پاکستان کی ترقی خوشحالی اور استحکام کی منزل تک پہنچائے گی قوم کا دفاع ......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

مضبوط ہاتھوں میں ہے کوئی بھی طاقت پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھے گی تو اسے منہ توڑ جواب ملے گا، انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنا دفاع کرنا بخوبی جانتا ہے اور ارض پاک کے دفاع کے لیے پوری قوم اپنی قومی قیادت اور افواج پاکستان کی پشت پر سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہے پاکستان ایک پرامن ملک ہے اور ہمیشہ خطے میں امن و استحکام کا خواہاں رہا ہے، تاہم، امن کی خواہش کو ہماری کمزوری نہیں سمجھنا چاہیے پاکستان کی مسلح افواج ہر چیلنج سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں دفاع وطن کے لئے قومی قیادت ایک صفحے پر ہے ہمیں اپنی دفاعی صلاحیتوں پر مکمل اعتماد ہے اور ہم کسی بھی بیرونی خطرے کا سامنا کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ حکومت عوام کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے پوری طرح کوشاں ہے اور تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملک اور قوم کی خدمت کی ہے پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ملک کی تعمیر وترقی میں ہمیشہ ایک کلیدی کردار ادا کیا ہے یہ مسلم لیگ (ن) کی دوراندیش قیادت اور جرات مندانہ فیصلوں کا نتیجہ تھا کہ پاکستان عالمی ایٹمی نقشے پر ایک ذمہ دار اور خودمختار ریاست کے طور پر ابھرا۔ معاشی محاذ پر بھی مسلم لیگ (ن) کی تاریخ کامیابیوں سے عبارت ہے

## پیپلز پارٹی بچوں اور خواتین کے حقوق کیلئے پرعزم ہے، ظہور بلیدی

### کم عمری میں شادی کی روک تھام سے متعلق قانون سازی خوش آئند اقدام ہے، صوبائی وزیر منصوبہ بندی

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی بچوں، بچیوں اور خواتین کے حقوق کیلئے پرعزم ہے، نابالغ لڑکیوں کی کم عمری میں شادی کی روک تھام پر صدر آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا میر ظہور ......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

احمد بلیدی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی بچوں، بچیوں اور خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لئے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں ہر قسم کے دباؤ اور مشکلات کے باوجود مستقل طور پر ثابت قدم رہی ہے انہوں نے کہا کہ نابالغ لڑکیوں کی کم عمری میں شادی کی روک تھام سے متعلق قانون سازی پر صدر آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، پیپلز پارٹی کی قیادت کی وجہ سے خواتین کو ملک کی ترقی وخوشحالی میں حصہ ڈالنے کا موقع نہ صرف میسر بلکہ وہ خودمختار ہوں گی۔

CamScanner

حکومتی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 31 MAY 2025 Page No. 6



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

INTEKHAB QUETTA

## عوامی شکایات کے فوری حل پر توجہ دی جائے، چیف سیکرٹری

### تمام سیکرٹریز عملے کی حاضری یقینی بنائیں، ترقیاتی منصوبے مقررہ وقت پر مکمل کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت جمعہ کے روز سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں فائل ٹریکنگ سسٹم، آئی پی ایم ایس، سٹیزن پورٹل، ترقیاتی منصوبوں میں تیزی اور اس کی عوامی سطح پر تشہیر سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات حافظ عبد الباسط، چیئرمین سی این آئی ٹی علی محمد کاکڑ سمیت تمام سیکرٹریز نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام سیکرٹریز فائل ٹریکنگ سسٹم اور پاکستان سٹیزن پورٹل پر عوام کی جانب سے درج شکایات کو فوری طور پر حل کرنے پر خصوصی توجہ دیں اور جو کیسز پینڈنگ یا اوورڈیو ہیں ان کو بھی جلد از جلد حل کریں۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ تمام سیکرٹریز ضلعوں میں اپنے عملے کی حاضری کو یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام محکمے اگلے پی ایس ڈی پی کے لئے ترقیاتی منصوبوں کی پی سی ون بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

تیار کر کے پی اینڈ ڈی بھجوا دیں۔ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کر کے مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے کیونکہ ان منصوبوں کی تکمیل سے صوبہ ترقی اور لوگوں کی معیار زندگی بہتر ہوگی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ صوبائی حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں عوام کو باخبر رکھنا انتہائی ضروری ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 31 MAY 2025 Page No. 7

# فتنہ ہندوستان کے دہشتگردوں نے ایڈیشنل کمشنر ہدایت اللہ بلیدی کو شہید اور گھر کو آگ لگا دی

5 ہلاک، مزید کی تلاش جاری ہے: ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند

درجنوں مسلح افراد نے شہر میں داخل ہو کر لیویز اور پولیس تھانوں بینک کو نذر آتش کر دیا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہدایت اللہ بلیدی دہشتگردوں کیساتھ بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کر گئے

فائرنگ کے تبادلے میں پانچ حملہ آوروں کے مارے جانے کی اطلاعات، صدر آصف زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی شدید مذمت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے علاقے سوراب میں درجنوں مسلح افراد نے شہر میں داخل ہو کر شہر پر قبضہ کر کے لیویز اور پولیس تھانوں بینک اور سرکاری آفیسر کی رہائش گاہ پر حملہ کر کے انہیں نذر آتش کر کے پولیس کا اسلحہ لے لیا کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر گاڑیوں کو روک کر تلاشی لیتے رہے حملے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوراب شہید ہو گئے علاقے میں شدید کشیدگی پائی جاتی ہے واقعے کے بعد سیکورٹی فورسز نے علاقے کا محاصرہ کر لیا فائرنگ کے تبادلے میں پانچ حملہ آوروں کے مارے جانے کی اطلاعات ہیں ان کے قبضے سے بھارتی......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

ساخت کا اسلحہ ایمونیشن برآمد کر لیا حملہ آوروں کے ساتھی پہاڑوں کی جانب فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے سوراب میں بینک اور انتظامی آفیسر کی رہائش گاہ پر دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ حملہ ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے کی ایک مذموم کوشش ہے ترجمان کے مطابق سوراب بازار میں دہشت گردوں نے بینک لوٹ لیا جبکہ مختلف سرکاری افسران کے گھر بھی نذر آتش کیے حملے کے دوران اے ڈی سی ریونیو ہدایت بلیدی نے دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا وطن کے اس سپاہی نے جان کا نذرانہ دے کر بہادری کی نئی مثال قائم کی شاہد رند نے کہا کہ اے ڈی سی کی رہائشگاہ پر اس وقت خواتین اور بچے بھی موجود تھے ان کا کہنا تھا کہ اس پوری کارروائی میں ہندوستان کی پراکسیز ملوث ہیں جنہوں نے اپنے آقاؤں کی ایماء پر یہ حملہ کیا ترجمان نے کہا کہ ریاست نے دشمن عناصر کی ہر کوشش کو ناکام بنانے کا عزم کیا ہے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے ایف سی، پولیس اور لیویز فورسز موقع پر پہنچ چکی ہیں اور کلیئرنس آپریشن بھی جاری ہے ذرائع کے مطابق جمعے کی سہ پہر سوراب بازار میں 70 سے زائد نامعلوم مسلح افراد مختلف گروپوں میں داخل ہو گئے کوئٹہ کراچی شاہراہ کو بلاک کر کے گاڑیوں کو روک کر ان کی چیکنگ اور تلاشی لیتے رہے جس کی وجہ سے ٹرانسپورٹروں اور مسافروں میں شدید خوف وہراس پھیل گیا حملہ آوروں نے بازار میں گھس کر نجی بینک پولیس اور لیویز تھانوں اور دیگر سرکاری عمارتوں کے ساتھ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوراب ہدایت اللہ بلیدی کی سرکاری رہائش گاہ کا محاصرہ کر کے اسے بھی نذر آتش کر دیا اور پولیس اور لیویز کا اسلحہ بھی لے گئے اور بینکوں کو لوٹ لیا حملہ کئی گھنٹوں تک جاری رہا واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایف سی، لیویز اور پولیس سمیت مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی حملہ آوروں اور فورسز کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں پانچ حملہ آور مارے گئے رات کے تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پہاڑوں کی جانب فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے حملے کے بعد علاقے میں شدید خوف وہراس پھیل گیا رات گئے سیکورٹی فورسز کی جانب سے کوئٹہ کراچی شاہراہ کو آمد ورفت کے لئے بحال کر دیا یاد رہے اس سے قبل بھی سوراب اور دیگر علاقوں میں مسلح آور دن اور مختلف اوقات میں حملہ آور ہو کر گاڑیوں کی چیکنگ کرنے کے ساتھ ساتھ تھانوں اور بینکوں پر حملہ کر کے انہیں نذر آتش کر کے بینکوں سے نقدی پولیس اور لیویز تھانوں کا ریکارڈ جلا کر اسلحہ اور ان کی گاڑیاں لے گئے ہیں اس کے علاوہ موٹر وے پولیس کی گاڑیاں اور اسلحہ بھی لے جا چکے ہیں مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہیں

# بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے وفاق کا تعاون جاری ہے: سیدال خان ناصر

قدرتی وسائل کا موثر انداز میں استعمال کر کے ملک اور صوبے کو ترقی کی جانب گامزن کیا جا سکتا ہے، قائم مقام چیئرمین سینٹ

بلوچستان کے باصلاحیت نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے مربوط حکمت عملی تشکیل دی جا رہی ہے، نواب ایاز جوگیزئی سے ملاقات

تمام سیاسی جماعتیں واسٹیک ہولڈرز مشترکہ لائحہ عمل اختیار کریں، سیدال خان ناصر کی سابق گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے ملاقات میں بات چیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے سابق سینیٹر و سابق رکن قومی اسمبلی نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے کوئٹہ میں ملاقات کی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران صوبہ بلوچستان کے قدرتی وسائل اور ان کے بہتر استعمال کے ساتھ ساتھ حکومت کی جانب سے صوبہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے اٹھائے جانے والے اقدامات......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

ت کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف تمام اتحادی جماعتوں کے ساتھ مل کر صوبہ بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے خصوصی اقدامات کر رہے ہیں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صوبہ بلوچستان قدرتی وسائل کی دولت سے مالا مال ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ ان معدنیات اور قدرتی وسائل کو موثر انداز میں استعمال میں لا کر ملک اور خاص طور پر صوبہ بلوچستان کو ترقی کی جانب گامزن کیا جا سکے قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کی تعمیر و ترقی اور عوامی مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے ہوئے ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے اور قدرتی وسائل کے دانشمندانہ استعمال سے نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کی معیشت مستحکم ہو سکتی ہے قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان کا مزید کہنا تھا کہ نوجوان ملک کا مستقبل ہیں اور صوبہ بلوچستان کے باصلاحیت نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے مربوط حکمت عملی تشکیل دی جا رہی ہے نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے حکومت کی اس پالیسی کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو بہتر تعلیمی سہولیات، فنی تربیت اور روزگار کی فراہمی سے نہ صرف صوبے میں خوشحالی آئے گی بلکہ قومی یکجہتی کو بھی فروغ ملے گا دریں اثنا قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے ملک عبدالولی کاکڑ، سابق گورنر بلوچستان و مرکزی سینئر نائب صدر بلوچستان نیشنل پارٹی نے بھی ملاقات کی ملاقات میں صوبہ بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے حوالے سے درپیش مسائل کے حل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

# ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے کلی ملا خیل میں فری میڈیکل کیمپ

کیمپ میں 84 خواتین، 54 بچوں اور 41 مردوں کا معائنہ، مفت ادویات فراہم کیں

کوئٹہ (پ ر) ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے کلی ملا خیل میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد ایف سی بلوچستان (نارتھ) نے کلی ملا خیل میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا طبی کیمپ میں 179 مریضوں کا معائنہ کیا گیا جس میں 84 خواتین......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

54 بچے اور 41 مرد شامل تھے کیمپ میں مریضوں کا مفت طبی معائنہ کیا گیا اور ضروری ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ اس اقدام کا مقصد دور دراز علاقوں میں بسنے والے افراد کو انکی دہلیز پر بنیادی صحت کی سہولیات فراہم کرنا تھا علاقہ مکینوں نے ایف سی بلوچستان کی اس فلاحی کاوش کو سراہتے ہوئے اظہار تشکر کیا۔

# بلوچستان اسمبلی کا اجلاس

## آج صبح 10 بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج صبح 10 بجے ہوگا۔ اجلاس میں بلوچستان ہیلتھ انسٹیٹیوشن اصلاحات، بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز، بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز، بلوچستان میٹرنل اینڈ پیری نیٹل ڈیتھ سرویلنس اینڈ ریسپانس کے مسودات قوانین پیش کیے جائیں......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

گے۔ اجلاس میں بی ایم سی ہسپتال کی پانچ سالہ آڈٹ رپورٹ پیش کی جائیگی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 31 MAY 2025 Page No. 8

# محکمہ آبپاشی، اربوں روپے کے نقصان پر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اظہار برہمی

## 68 کروڑ روپے سے زائد کی ادائیگی، ناقابل قبول اشیاء پر کی، عوامی فنڈز کا بے دریغ ضیاع ہو رہا ہے

### اصغر اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس میں حب ڈویژن کے ایکسین کو او ایس ڈی بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اری گیشن ڈپارٹمنٹ کی غیر شفاف ادائیگیوں اور اربوں کے نقصان پر اظہار برہمی، محکمہ کی ناقص منصوبہ بندی اور کمزور نگرانی کے باعث عوامی فنڈز کا بے دریغ ضیاع ہو رہا ہے، جس کی روک تھام ناگزیر ہے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی زیر صدارت بلوچستان اسمبلی میں ہوا، جس میں محکمہ آبپاشی کے مالی سال 2020-22 کے آڈٹ پیراز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کمیٹی ارکان فضل قادر مندوخیل، غلام دستگیر بادینی، عبیداللہ گورگیج، رحمت صالح بلوچ اور خصوصی طور پر مدعو ارکان اسمبلی برکت علی رند، اصغر علی رند، ڈی جی آڈٹ بلوچستان شجاع علی، سیکرٹری اری گیشن حافظ ماجد، ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری اری گیشن امیر حمزہ زہری، ڈائریکٹر آڈٹ فیض محمد جعفر، ایڈیشنل سیکرٹری لاسعید اقبال، چیف اکاؤنٹس افسر پی اے سی سید محمد ادریس و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں چیئرمین کمیٹی اصغر ترین نے واضح کیا کہ منصوبہ بندی میں خامیاں اور تاخیر کی اصل ذمہ داری محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات پر عائد ہوتی ہے، محکمہ آبپاشی کی ناقص منصوبہ بندی اور کمزور نگرانی کے باعث عوامی فنڈز کا بے دریغ ضیاع ہو رہا ہے جس کی روک تھام ناگزیر ہے۔ آڈٹ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ مالی سال 2020-22 کے دوران محکمہ آبپاشی نے مختلف اسکیموں میں 68 کروڑ روپے سے زائد کی ادائیگیاں ناقابل قبول اشیاء اور غیر منظور شدہ نرخوں پر کیں۔ متعلقہ ایکسین اور ایس ڈی او نے درج مقدار اور نرخوں کی تصدیق کیے بغیر بلوں کی منظوری دی جو قواعد کی سنگین خلاف ورزی ہے جبکہ جن اسکیموں پر یہ رقوم خرچ ہوئیں ان میں سے بیشتر پر تاخیر سے کام شروع ہوا جس سے لاگت بڑھتی گئی یا پھر غیر معیاری اشیاء استعمال کی گئیں، بعض صورتوں میں تو بغیر کسی عملی کام کے صرف کاغذی کارروائی پر ہی ادائیگیاں کی گئیں۔ کمیٹی کے رکن عبیداللہ گورگیج نے کہا کہ اضافی ادائیگیاں عوام کی رقم سے کی گئیں جس کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی یہ رقوم فوری طور پر وصول کی جائیں۔ کمیٹی کے رکن دستگیر بادینی نے کہا کہ محکمہ آبپاشی عوامی منصوبوں کو جلد مکمل کر کے عوام کو پانی مہیا کرے۔ کمیٹی کے رکن فضل قادر مندوخیل نے کہا کہ افسران پی اے سی کے فیصلوں پر عمل درآمد نہیں کرتے متعلقہ سیکرٹری اس سلسلے میں اپنے افسران کو پابند بنائیں۔ اجلاس میں گوادر، قلات، خضدار اور سبی ڈویژنز میں ہونے والی اضافی ادائیگیوں پر تفصیلی غور کیا گیا۔ گوادر ڈویژن نے 3.2 کروڑ روپے کی ریکوری خود تسلیم کی جبکہ دیگر ڈویژنز اپنے جوابات سے آڈٹ حکام اور کمیٹی کو مطمئن کرنے میں ناکام رہے۔ کمیٹی نے فوری طور پر حب ڈویژن کے ایکسین کو ناقص کارکردگی اور عوامی فنڈ کو صحیح استعمال نہ کرنے پر او ایس ڈی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے رپورٹ طلب کر لی۔ اجلاس میں خاران میں قائم گرک اسٹوریج ڈیم منصوبہ غیر ضروری طوالت کی وجہ سے شدید تنقید کی زد میں آیا۔ چیئرمین نے کہا کہ منصوبہ 2017 میں 10 ارب روپے کی لاگت سے شروع ہوا اب تک اس پر 28 ارب روپے خرچ ہو چکے ہیں اس کے باوجود خاران کے عوام آج بھی پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے عوام کے پیسوں بے دریغ ضیاع اور طوالت پر منصوبے کی خصوصی آڈٹ کرانے اور پی اے سی آڈٹ ٹیم کے ساتھ ڈیم کے دورے کا فیصلہ کیا۔ چیئرمین نے کہا کہ صوبائی حکومت کو پراجیکٹ ڈائریکٹر سسٹم ختم کرنے کی سفارش کی جائے گی، یہ نظام بدعنوانی اور منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر کا باعث بن رہا ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ جب ایک سے زائد پی ڈی تعینات کیے جاتے ہیں تو سب سے پہلے ان کے لیے سرکاری رہائش، فرنیچر، اضافی گاڑیاں اور دیگر مراعات کا بندوبست کیا جاتا ہے، جو سرکاری وسائل پر بوجھ بنتا ہے۔ یہ تمام کام متعلقہ لائن ڈیپارٹمنٹ بہتر طریقے سے انجام دے سکتا ہے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق مختلف منصوبے نہ تو مقررہ وقت میں اور نہ ہی اصل لاگت میں مکمل ہوئے۔ ان منصوبوں پر مجموعی طور پر 10.1 ارب روپے اضافی یعنی 57 فیصد زائد خرچ کیے گئے۔ بسول ڈیم اور 100 ڈیمز جیسے منصوبے اس کی نمایاں مثالیں ہیں۔ کمیٹی نے اس پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اضافی ادائیگیوں کو فوری طور پر باقاعدہ بنانے کی ہدایت کی۔ حیرت انگیز طور پر لیڈا حکومت بلوچستان سے صرف 7 روپے فی 1000 گیلن کے حساب سے پانی لے کر اسے انڈسٹریز کو 300 روپے میں فروخت کر رہی ہے۔ کمیٹی نے اس زیادتی پر سخت ردعمل دیتے ہوئے 1000 گیلن پانی کی قیمت 100 روپے مقرر کرنے اور تمام بقایا جات کو فوری وصول کر کے صوبائی حکومت کے خزانہ میں جمع کرنے کا حکم دیا۔

# مویشی منڈیوں میں کانگو وائرس سے بچاؤ کیلئے اسپرے کیا جائیگا

ڈائریکٹر جنرل اینیمل ہیلتھ

## مالدار تعاون کریں، ڈاکٹر فاروق ترین، بھیڑ بکروں کی فروخت کیلئے مرکز کے قیام کی منظوری، سرکاری نرخ فی کلو 1065 روپے مقرر

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری امور حیوانات و ترقیات ڈیری حکومت بلوچستان طیب لہڑی کی ہدایت کے مطابق ڈائریکٹر جنرل اینیمل ہیلتھ ڈاکٹر فاروق ترین کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں ڈائریکٹر جنرل فارم ڈاکٹر عبد الصمد خان خروٹی، ڈائریکٹر جنرل ریسرچ اینڈ سپلائیز ڈاکٹر شہزاد احمد، ڈائریکٹر ایکسٹینشن سروسز و بریڈ امپرومنٹ ڈاکٹر محمد نعیم بلوچ، سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ پولٹری فارم کوئٹہ ڈاکٹر سید احمد، ڈائریکٹر ہیڈ کوارٹر اینیمل ہیلتھ ڈاکٹر جاوید علی، ڈاکٹر سید حبیب شاہ ویٹرنری افسر، ڈائریکٹر پلاننگ کوئٹہ مارکیٹنگ افسر سہیل خان سمیت دیگر نے شرکت کی اجلاس میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوام کیلئے قربانی کے بھیڑ، بکروں کی فروخت کے قیام کے مرکز کی منظوری دی گئی اور سرکاری نرخ فی کلو 1065 روپے مقرر کیا گیا۔ ڈی جی اینیمل ہیلتھ نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ دور دراز علاقوں سے آئے ہوئے مالداروں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور مالدار بھی کانگو وائرس اسپرے مہم میں محکمہ لائیو اسٹاک کا ساتھ دیں۔ محکمہ کے زیر انتظام سرکاری بکرا منڈی کا افتتاح 02 جون پیر کو گورنمنٹ پولٹری فارم برور ی روڈ کوئٹہ میں کیا جائے گا۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن سے بھی درخواست کی گئی کہ وہ بکرا منڈی میں صفائی ستھرائی کا انتظام کریں اور پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائے انہوں نے کہا کہ شہر کی تمام عارضی و مستقل مویشی منڈیوں میں کانگو وائرس اسپرے کو یقینی بنایا جائے گا۔

# کوئٹہ: تجاوزات اور گرانفروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 31 دکاندار گرفتار

## سریاب روڈ، جناح ٹاؤن، نواں کلی، عالمو چوک پر ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں، تجاوزات کا خاتمہ کر دیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کا تجاوزات اور گرانفروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری خلاف ورزی پر 31 دکاندار گرفتار کر کے 22 کو جیل بھیج دیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی مختلف ٹیموں نے سریاب روڈ، جناح ٹاؤن، گوالمنڈی چوک، شہباز ٹاؤن، لنک سریاب روڈ، نواں کلی میں انسداد تجاوزات اور گرانفروشوں کے خلاف کاروائیاں کیں۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر (سریاب) سعد کلیم ظفر نے سریاب روڈ کی مختلف سڑکوں پر تجاوزات اور پرائس کنٹرول کاروائیاں کرتے ہوئے 11 افراد کو گرفتار کر کے تجاوزات ختم کر دیئے جبکہ اسپیشل مجسٹریٹ احسام الدین کاکڑ نے سب ڈویژن سٹی میں کاروائیاں کرتے ہوئے 13 افراد گرفتار کر لیے۔ اسپیشل مجسٹریٹ حبیب سردار نے جناح ٹاؤن، نواں کلی، عالمو چوک پر کاروائیاں کرتے ہوئے 7 افراد گرفتار کر لئے۔ اس حوالے سے ضلعی انتظامیہ نے قصابوں، تندوروں، بیکریوں اور جنرل سٹوروں پر معیار، وزن اور قیمتوں کا جائزہ لیا گیا۔

# فوڈ اتھارٹی کی گندے پانی سے کاشت فصلوں کیخلاف کارروائی جاری

## کلی شاہوزئی اور نیو سبزل روڈ پر 150 ایکڑ پر کاشت فصلیں تلف، پانی فراہمی کے ذرائع منقطع

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا زہریلے اور سیوریج واٹر سے سیراب کی جانے والی سبزیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے۔ مہم کے تحت حالیہ کارروائیوں میں کلی شاہوازئی اور نیو سبزل روڈ کے علاقوں میں 150 ایکڑ رقبے پر پھیلی مضر صحت سبزیوں کی فصلیں تلف کر دی گئیں۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق مذکورہ علاقوں میں سبزیوں کی کاشت سیوریج کے گندے نالوں سے حاصل شدہ پانی سے کی جا رہی تھی جس سے نہ صرف زمین کی زرخیزی متاثر ہو رہی تھی بلکہ شہریوں کی صحت کو شدید خطرات لاحق تھے۔ فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے نہ صرف فصلیں تلف کیں بلکہ ان فصلوں کو پانی کی فراہمی کے ذرائع کو بھی ختم کر دیا جنہیں ٹریکٹرز کے ذریعے مسمار کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق گزشتہ ایک ہفتہ سے جاری مہم کے دوران اب تک سیکڑوں ایکڑ پر مشتمل مضر صحت سبزیاں تلف کی جا چکی ہیں۔ ترجمان نے اس بات پر زور دیا کہ جہاں کہیں بھی گندے نالوں کے پانی سے سبزیوں کی کاشت کی جا رہی ہوگی، ان کو بلا تاخیر تلف کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ کارروائیاں صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی خصوصی ہدایات پر عمل میں لائی جا رہی ہیں جن کا موقف ہے کہ عوام کی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور زہریلے پانی سے اگائی جانے والی پیداوار کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ عدالت عالیہ کے واضح احکامات اور حکومت بلوچستان کی پابندیوں کے باوجود بعض افراد تا حال آلودہ پانی سے سبزیوں کی کاشت جاری رکھے ہوئے ہیں جو ناقابل قبول ہے۔ بی ایف اے اس غیر قانونی عمل کے خلاف سخت اقدامات جاری رکھے گی تا کہ شہریوں کو محفوظ، صحت مند اور معیاری سبزیوں کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: **JANG QUETTA**

Bullet No. 3 Dated: 31 MAY 2025 Page No. 9

## آئندہ بجٹ میں روزگار کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے، کریم نوشیروانی

**صوبے میں امن وامان کی خراب صورتحال میں بے روزگاری کا عنصر سرفہرست ہے، بیان**

کوئٹہ (پ ر) سابق صوبائی وزیر میر کریم نوشیروانی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی خراب صورتحال میں بے روزگاری کا عنصر سرفہرست ہے۔ صوبے میں اپنے گھر اور جائیدادیں بیچ کر تعلیم حاصل کرنے والے نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں تھامے سرکاری دفاتر کے دھکے کھاتے نظر آتے ہیں مگر کوئی ایسا سلسلہ نظر نہیں آتا کہ ان کو کوئی باعزت روزگار مہیا ہو جائے۔ نوجوانوں کی اس مایوسی کا فائدہ ملک دشمن عناصر اٹھاتے ہیں اور ان کو ملک سے متنفر کر کے پہاڑوں پر جانے کو مجبور کر دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے لوگ محب وطن ہیں لیکن خالی پیٹ ان کو دہشت گردوں کا سافٹ نشانہ بنا دیتا ہے۔ امن و امان کا مسئلہ حل کرنے کیلئے نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی پر توجہ دینا انتہائی ضروری ہے۔ آئندہ بجٹ میں صوبائی حکومت نوجوانوں کیلئے روزگار کے نئے مواقعے پیدا کرنے کیلئے خصوصی توجہ دے۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر کی بندش سے صوبے کے نوجوانوں کی بیروزگاری میں اضافہ ہو گیا ہے جبکہ زراعت بھی تباہ حال ہے۔ ملک اور صوبے کے پالیسی سازوں کو نوجوانوں کو باعزت روزگار کی فراہمی تک بارڈر ٹریڈ میں نرمی لانی چاہیے تاکہ سرحدی علاقوں کے لوگوں کے گھروں کے بجھے ہوئے چولہے دوبارہ جل سکیں اور مہنگائی کے ستائے ہوئے عوام سکھ کا سانس لے سکیں۔

## اسٹیبلشمنٹ اور سیاسی جماعتیں ایک پیج پر ہیں، لشکری رئیسانی

**اجتماعی امور پر لوگوں اور حقیقی سیاسی کارکنوں کو یکجا کر رہے ہیں، فکری نشست سے خطاب**

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاستدان نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے اجتماعی قومی امور پر صوبے کے لوگوں اور حقیقی سیاسی کارکنوں کو یکجا کر رہے ہیں حقیقی سیاسی کارکن، طلباء، دانشور، ادیب، شعراء، وکلاء، فکری و حقیقی شخصیات پرامن سیاسی مزاحمت کا حصہ بن کر اجتماعی قومی امور پر آواز اٹھائیں انہوں نے سراوان ہاؤس میں بھی صوبے کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے ہم خیال سیاسی کارکنوں کی فکری نشست سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں اسٹیبلشمنٹ اور سیاسی جماعتیں ایک پیج پر ہیں صوبے میں کوئی اپوزیشن نہیں ہے سب اپنے چھوٹے چھوٹے گروہی اور ذاتی مفادات و مراعات کیلئے لگے ہوئے ہیں ایسے میں بلوچستان کے حقیقی سیاسی کارکنوں، طلباء، دانشوروں، ادیب، شعراء، وکلاء، فکری و حقیقی شخصیات پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ صوبے کے لوگوں کی رہنمائی کر کے مسائل کی نشاندہی کریں اگر آج بھی آواز نہیں اٹھائیں گے تو بلوچستان کے اجتماعی قومی مسائل، وسائل کی لوٹ مار، انسانی حقوق کی پامالیوں میں مزید اضافہ ہوگا انہوں نے کہا کہ اقتدار میں بیٹھے لوگ مراعات حاصل کرنے میں پانچ سال گزار کر چلے جائیں گے اور صوبے کے لوگوں کے مزید پانچ سال ضائع کرنے کیلئے ایک نئے چہرہ کو ایجاد کیا جائیگا بلوچستان میں پہلے سرکاری ملازمتیں اور ٹھیکے نیلام ہوتے تھے آج سیاسی جماعتوں کی سودے بازی کے نتیجے میں اسمبلی کی نشستیں نیلام ہوئی ہیں انہوں نے کہا کہ وہ اور ان کے ساتھی دہائیوں سے صوبے کے اجتماعی قومی امور کی نشاندہی کر کے آواز بلند کرتے آرہے ہیں تاکہ اجتماعی نوعیت کے امور پر عوام کو بیدار کر سکیں۔

## مائنز و منرلز بل پر دستخط کرنیوالوں کا عوام احتساب کرینگے، پشتونخوامیپ

**پی سی ایس امتحانات میں میرٹ کو پامال کیا گیا، لیویز کے خاتمے کے نوٹیفکیشن کی کوئی اہمیت نہیں، بیان**

**لوگ بے روزگار ہیں، مقررین، کوئٹہ میں شمولیتی اجتماع سے رہنماؤں کا خطاب**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ مائنز و منرلز ایکٹ پشتون بلوچ عوام کو اپنے وطن کے قدرتی خزانوں سے محروم کرنے کے سوا کچھ نہیں اور بل پاس کرنیوالوں کا عوام ضرور احتساب کریں گے۔ پشتونخوامیپ مسلط حکومت کے خلاف برسرپیکار ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے حالیہ پی سی ایس امتحانات میں میرٹ کو پامال کیا گیا، صوبے کے محنتی اور قابل امیدواروں کو ناکام بنانے اور نتائج کے اعلان کا عمل دراصل میرٹ کی پامالی اور ادارے سے عوام اور خصوصاً طلباء کا اعتماد اٹھ جانے کے مترادف ہے، پارٹی صوبے میں یک طرفہ اور میرٹ کی دھجیاں اڑانے والوں کا راستہ روکے گی۔ بیان میں کہا گیا کہ غیر منتخب اور غیر نمائندہ حکومت کی جانب سے لیویز کے خاتمے کے نوٹیفکیشن کی کوئی قانونی اور آئینی حیثیت نہیں اور پارٹی ہر محاذ پر اسے ختم کرنے کے لئے جدوجہد کرے گی۔ صوبے کے دوردراز علاقوں میں قائم امن لیویز ہی کی مرہون منت ہے۔ پارٹی بی ایریا کو اے ایریا میں تبدیل کی ہر سازش کو ناکام بنانے اور ان کے جائز آئینی اور قانونی مطالبات میں ان کے ساتھ ہوگی۔ بیان میں کہا گیا کہ کوئٹہ شہر بازار میں پارکنگ بند کرنے سے پہلے پارکنگ پلازوں کی تعمیر ضروری تھی لیکن ایسا نہ کر کے دکانداروں کو پریشان اور عید کے موقع پر ان کی تجارت اور عوام کو بھی سخت مشکلات کا شکار بنا دیا گیا ہے۔

چمن (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری عبدالحق ابدال کی زیر صدارت پارٹی ضلع چمن کے ضلع کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کی تنظیمی سیاسی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مرکزی سیکرٹری صلاح الدین خان اچکزئی، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نظام عسکر نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع سینئر معاون سیکرٹری کریم ناظم، تحصیل سیکرٹری اولس یار خان، تحصیل سینئر معاون سیکرٹری ماسٹر جمعہ خان، تحصیل سینئر معاون سیکرٹری ادریس صاحب اور پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے ضلع سینئر معاون سیکرٹری ممتاز خان نے رپورٹس پیش کیں۔ جس کا جائزہ لیا گیا اور بعد ازاں اس کی منظوری دی گئی۔ اجلاس سے پارٹی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زر و زور کی بنیاد پر مسلط حکومت کا خاتمہ ناگزیر ہے عوام دشمن فیصلوں کے باعث آج چمن کے ہزاروں خاندان نان شبینہ کا محتاج ہیں۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ تحصیل سریاب سے مربوط محمود مینہ علاقائی یونٹ کے زیر اہتمام شمولیت کی تقریب ہوئی جس میں 23افراد نے مختلف سیاسی پارٹیوں سے مستعفی ہو کر پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا اس موقع پر وزیرستان کے نام سے نئے ابتدائی یونٹ کا قیام عمل میں لایا گیا خیر اللہ یونٹ سیکرٹری، اللہ داد سینئر معاون سیکرٹری، حاجی آغا، کاکڑ ماما، امیر محمد وزیر معاونین منتخب ہوئے شرکاء سے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نظام عسکر، ضلع سینئر معاون سیکرٹری جمشید دوتانی، ضلع معاونین نعیم اچکزئی، محمد حیات بڑیچ، عطاء اللہ امیری، تحصیل اطلاعات سیکرٹری صدام اچکزئی، تحصیل ایگزیکٹوز حاجی نور شاہ آکا، نذیر برشوری، علاقائی سینئر معاون سیکرٹری صلاح الدین اور دیگر اراکین نے شرکت کی رہنماؤں نے کہا کہ پارٹی نے بلا رنگ، نسل، زبان، مذہب، فرقہ عوام کی محافظ اور ان کی خدمت پر یقین رکھتی ہے کوئٹہ شہر میں بڑھتے ہوئے مسائل کی وجہ سے شہری ذہنی کوفت کا شکار ہیں عوام کو بجلی، گیس کی لوڈشیڈنگ، پینے کے صاف پانی کی قلت، بے روزگاری اور بدامنی، جیسے مسائل کا سامنا ہے شمولیت کرنیوالوں میں خیر اللہ وزیر، میر احمد وزیر، ساجد وزیر، حاجی آغا محمد، سیف اللہ وزیر، اسرار اللہ وزیر، تاجمل وزیر، کاکڑ ماما، حاجی فضل نبی، اللہ دین وزیر، اللہ محمد، حاجی شاہ محمد، مفتی محمد آصف، حکمت اللہ، ہدایت اللہ، حافظ عبدالباسط، محمد سلیم، قادر خان، رضوان اللہ، حاجی محمد اور اللہ داد شامل ہیں۔

## حقوق بلوچستان تحریک کی کامیابی کیلئے میڈیا کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، جماعت اسلامی

**لاپتہ افراد کی بازیابی، بارڈر بندش جیسے معاملات کیلئے سوشل میڈیا سے بھی تعاون کی اپیل ہے، مولانا ہدایت الرحمن**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ حقوق بلوچستان تحریک کی کامیابی کیلئے میڈیا کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ حق دو بلوچستان مہم اسلام آباد کی طرف مارچ اور کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد کے دھرنے میں سوشل میڈیا کے نوجوان ہمارے ساتھ ہوں گے۔ لاپتہ افراد کی بازیابی بارڈر بندش بلوچستان کے معدنیات وسائل کی حفاظت میں الیکٹرانک پرنٹ میڈیا کے ساتھ سوشل میڈیا سے بھی تعاون کی اپیل ہے۔ سوشل میڈیا کے نوجوان ہمارا اثاثہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوشل میڈیا ایکٹیویسٹ یوٹیوبرز سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا۔ اس موقع پر جماعت اسلامی بلوچستان میڈیا انچارج ولی خان شاکر صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری صابر صالح پانیزئی، سوشل میڈیا انچارج اسامہ ہاشمی و دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے مولانا ہدایت الرحمان نے کہا کہ اہل بلوچستان کیساتھ زیادتی ناانصافی حقوق سے محرومی وسائل پر قبضہ اب ناقابل برداشت ہوتا جا رہا ہے حکمرانوں مقتدر قوتوں کو اپنی روش تبدیل کر کے بلوچستان کے لاپتہ افراد کو بازیاب بارڈر بندش کا خاتمہ سی پیک و دیگر پراجیکٹس کے ثمرات دینے ہوں گے۔ غلط طرز حکمرانی ناانصافی ظلم و جبر اور طاقت کے استعمال سے بلوچستان بارود پر کھڑا ہو گیا ہے۔ بلوچستان کو حقوق دینے لاپتہ افراد کی بازیابی بارڈر بندش کا خاتمہ روزگار و کاروبار کے مواقع دینے سے مسائل مشکلات میں کمی آسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان وطن سے محبت کرنے والے جفاکش باصلاحیت ہیں بلوچستان کے صحافیوں نے جان پر کھیل کر بلوچستان کے مسائل کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا ناجائز غیر ضروری پریشر کی وجہ سے صحافی بہتر طریقے سے اپنا پیشہ ورانہ ذمہ دارانہ صحافت نہیں کر سکتا۔ صحافی حق و سچ عام کرنے کرنے عوام کے حقیقی سچے نمائندوں کا ساتھ دیں تاکہ مسائل حل مشکلات میں کمی کی راہ ہموار ہو جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 31 MAY 2025 Page No. 16

# بلوچستان میں علیحدگی پسند ریاست پر حملہ آور ہیں جنرل ریٹائرڈ عبدالقادر بلوچ

دہشتگرد ناکہ بندی کر کے سرکاری گاڑیوں واہلکاروں کو ٹارگٹ اور ان سے ہتھیار چھین کر انہیں اغواء کرتے ہیں، سابق گورنر

بلوچستان کے ہائی ویز پر سفر کرنا آسان نہیں صورتحال تشویشناک ہے، نوجوان اور پڑھی لکھی لڑکیاں خودکش حملے کررہے ہیں

صوبے میں لیویز فورس کی 75 فیصد ذمہ داری وہ امن وامان برقرار رکھے لیکن وہ اب تک کوئی کارروائیاں نہیں کر سکی ہے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) سابق گورنر بلوچستان جنرل ریٹائرڈ عبدالقادر بلوچ نے گزشتہ دنوں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں جو علیحدگی پسند ہیں وہ اس وقت مختلف طریقوں سے ریاست پر حملہ آور ہیں؛ ریڈ، چھاپے یا ناکہ بندی کر کے سرکاری گاڑیوں اور اہلکاروں کو ٹارگٹ کرتے ہیں یا انکے ہتھیار چھین لیتے ہیں، انہیں اغواء کرتے ہیں اور یہ روز کا معمول بن چکا ہے کہ وہ جتھوں کی ......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

صورت میں آکر کارروائی کرتے ہیں اور وہ اس کام میں ماہر ہیں انہوں نے کہا کہ 2024ء اور رواں سال ان کارروائیوں میں اضافہ ہوا ہے بلوچستان کے ہائی ویز پر چلنا آسان نہیں انہوں نے کہا کہ صورتحال تشویشناک ہے، نوجوان اور پڑھی لکھی لڑکیاں خودکش حملہ کررہے ہیں، ابتک چار خواتین نے حملہ کیا ہے، مرد تو کئی تعداد میں جب حملہ آور ہوتے ہیں تو وہ خود کو اڑاتے ہیں اور ان کا جنت و دوزخ کا فلسفہ نہیں ہے انہوں نے کہا کہ آپ انکے خلاف کارروائی کرینگے وہ تو اس ارادے سے آتے ہیں کہ مارنا اور مرجانا ہے جبکہ تین سے چار ڈسٹرکٹس میں وہ بڑی تعداد میں آکر قبضہ اور اسلحہ جمع کرتے ہیں انہوں نے بتایا کہ بلوچ جنگجو اب ہمارے انٹیلی جنس ایجنسیز کو نشانہ بنارہے ہیں پہلے لاانفورسمنٹ ایجنسیز کو ایک برتری حاصل تھی کہ وہ آکر ایکشن لیتی تھیں لیکن تازہ ترین صورتحال یہ ہے کہ ان کو بھی اب حملوں کا سامنا ہے جس کے باعث وہ رضاکارانہ طور پر سامنے نہیں آتے کہ آپریشن کی جاسکیں بلکہ وہ ان لوگوں (جنگجوؤں) سے ڈرتے ہیں جنرل قادر نے بتایا کہ بلوچستان غیر متعلقہ یعنی دیگر علاقوں کے لوگوں کو قتل کرنے کے واقعات رونما ہورہے ہیں

## احتجاج کرنا سیاسی پارٹیوں وقیادت کا جمہوری حق ہے بی این پی

نصراللہ زیرے، نداسنگر اور قادر لالا کے خلاف ایف آئی آر قابل مذمت اقدام ہے، غلام نبی مری

سیاسی رہنماء الیکشن میں دھاندلی کے خلاف احتجاج کررہے تھے جو ان کا آئینی حق ہے، نسیم جاوید ہزارہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے ممبر سنٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی وضلعی صدر کوئٹہ غلام نبی مری اور انفارمیشن سیکرٹری نسیم جاوید ہزارہ نے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صدر نصراللہ زیرے، نداسنگر اور قادر لالا کے خلاف ایف آئی آر کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ احتجاج کرنا اور حکومت سے مطالبہ کرنا سیاسی پارٹیوں اور سیاسی قیادت کا جمہوری اور آئینی حق ہے مگر انتظامیہ اپنی حد سے تجاوز کرتے ہوئے سیاسی لوگوں سے اس کا جمہوری اور آ......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

ئینی حق چھیننے اور اختیارات کا غلط استعمال کررہی ہے یہ حقیقت روزروشن کی طرح عیاں ہے کہ الیکشن میں مداخلت کی جاتی ہے، جیت کو ہار میں اور ہار کو جیت میں بدل دیا جاتا ہے فروری 2024 کے الیکشن میں جس طرح فارم 47 کے ذریعے نتائج کو تبدیل کر کے عوام کے حقیقی نمائندوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا گیا اور تمام غیر منتخب افراد کو فراڈ کے ذریعے کامیاب قرار دے کر اسمبلیوں میں بھیجا گیا اس فراڈ اور ڈکیتی سے پوری دنیا واقف ہے۔ ژوب اور قلعہ سیف اللہ میں بھی یہی واردات ہورہی تھی اور الیکشن کا جعلی نتیجہ بن رہا تھا جس کو روکنے کیلئے پی این اے پی کے قائدین احتجاج کررہے تھے

INTEKHAB QUETTA

## حقوق بلوچستان تحریک کی کامیابی کیلئے میڈیا کو کردار ادا کرنا ہوگا، مولانا ہدایت الرحمٰن

سوشل میڈیا نے بلوچستان کیساتھ زیادتیوں میں اہم کردار ادا کیا ہے، گفتگو

کوئٹہ (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل اجاگر کرنے حقوق بلوچستان تحریک کی کامیابی کیلئے میڈیا کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا سوشل میڈیا نے بلوچستان کیساتھ زیادتیوں میں اہم کردار ادا کیا حق دو بلوچستان مہم اسلام آباد کی طرف مارچ اور کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد کے دھرنے میں سوشل میڈیا کے بقیہ نمبر 11 صفحہ 5 پر

نوجوان ہمارے ساتھ ہوں گے۔ لاپتہ افراد کی بازیابی بارڈر بندش بلوچستان کے معدنیات وسائل کی حفاظت میں الیکٹرانک پرنٹ میڈیا کیساتھ سوشل میڈیا سے بھی تعاون کی اپیل ہے۔ سوشل میڈیا کے نوجوان ہمارا اثاثہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوشل میڈیا ایکٹیویسٹ یوٹیوبرز سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا اس موقع پر جماعت اسلامی بلوچستان میڈیا انچارج ولی خان شاکر صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری صابر صالح پانیزئی، سوشل میڈیا انچارج اسامہ ہاشمی ودیگر ذمہ داران بھی موجود تھے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ اہل بلوچستان کیساتھ زیادتی ناانصافی حقوق سے محرومی وسائل پر قبضہ اب ناقابل برداشت ہوتا جارہا ہے حکمرانوں مقتدر قوتوں کو اپنی روش تبدیل کر کے بلوچستان کے لاپتہ افراد کو بازیاب بارڈر بندش کا خاتمہ سی پیک ودیگر پراجیکٹس کے ثمرات دینے ہوں گے غلط طرز حکمرانی ناانصافی ظلم وجبر اور طاقت کے استعمال سے بلوچستان بارود پر کھڑا ہوگیا ہے مقتدر قوتیں ایسے ناروا ظالمانہ اقدامات بند کردیں جس کی وجہ سے سخت ردعمل احساس محرومی نفرت اور تعصب بڑھ رہا ہے۔

CamScanner

امن وامان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 31 MAY 2025

Page No.

# یوم تکبیر کا جشن منانا ہماری قومی ذمہ داری ہے، کسان اتحاد پاکستان

## تاریخی دن کوئی پاکستانی بھول نہیں سکتا، خالد حسین باٹھ کا خطاب، ایئر پورٹ سے ریلی بھی نکالی گئی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کسان اتحاد پاکستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ 28 مئی پاکستان کی بقا، خودمختاری اور قومی عزت ووقار کا دن ہے، یوم تکبیر کا جشن منانا ہماری قومی ذمہ داری ہے، یہ دن ہمیں اپنی عظمت، قربانیوں اور عزم کی یاد دلاتا ہے یہ دن ہمیں یقین دلاتا ہے کہ پاکستان ایک مضبوط اور خودمختار ملک ہے جو اپنے دشمنوں کے سامنے کبھی نہیں جھک سکتا۔ یہ بات کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین باٹھ اور دیگر نے بدھ کو کسان اتحاد کے زیر اہتمام یوم تکبیر کے سلسلے میں نکالی جانے والی ریلی کے شرکا سے خطاب میں کہی۔ قبل ازیں کسان اتحاد کے زیر اہتمام ایئر پورٹ چوک سے اتحاد کے چیئرمین خالد حسین باٹھ کی قیادت میں ریلی نکالی گئی، شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر پاکستان کی تاریخ کا وہ دن ہے جسے کوئی پاکستانی کبھی بھول نہیں سکتا، 28 مئی 1998 کو پاکستان نے چاغی میں کامیاب ایٹمی تجربات کر کے دنیا کی ساتویں اور مسلم دنیا کی پہلی ایٹمی طاقت بن گیا، یوم تکبیر کی بدولت پاکستان نے اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط کیا اور ایک مضبوط دفاعی نظام کی بنیاد رکھی۔ یوم تکبیر صرف ایک دن نہیں بلکہ ایک عزم کی تجدید کا دن بھی ہے، یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہمیں اپنی خودمختاری اور سلامتی کے لیے ہمیشہ چوکنا رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر کا پس منظر بہت اہم ہے، بھارت کے ایٹمی تجربات کے بعد پاکستان کے لیے اپنی سلامتی کو یقینی بنانے کا چیلنج بڑھ گیا تھا، بھارتی ایٹمی تجربات نے جنوبی ایشیا میں طاقت کا توازن بگاڑ دیا تھا اور پاکستان کے لیے ایک واضح پیغام تھا کہ اسے اپنے دفاع کو مزید مضبوط کرنے کی ضرورت ہے ایسے میں پاکستان نے عالمی دباو اور پابندیوں کے خطرے کے باوجود اپنی خودمختاری اور قومی سلامتی کو مقدم رکھا اور ایٹمی تجربات کرنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان ایٹمی تجربات نے نہ صرف پاکستان کی قومی سلامتی کو یقینی بنایا بلکہ دشمنوں کے ناپاک عزائم کو بھی ناکام بنایا، انہوں نے کہا کہ پاک بھارت جنگ کے دوران کسانوں کے بیٹوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے ملک کا دفاع کیا جنہیں ہم خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 31 MAY 2025

Page No. 11

## سوراب میں دہشتگردوں کا حملہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جاں بحق

**بینک لوٹ لیا، سرکاری افسران کے گھر، تھانہ نذر آتش**

ہدایت اللہ بلیدی نے دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا اور بہادری کی نئی مثال قائم کی، ترجمان حکومت

ملک دشمن قوتوں کی ایما پر بزدلانہ کارروائی حکومت کی رٹ چیلنج کرنے کی ناکام کوشش، شر پسندوں کی سرکوبی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، شعیب نوشیروانی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر / خ ن) سوراب میں مسلح دہشت گردوں کے حملے میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ہدایت اللہ بلیدی شہید ہوگئے۔ جبکہ دہشت گردوں نے بینک لوٹ کر سرکاری افسران کے گھروں، تھانے کو نذر آتش کردیا۔ بلوچستان حکومت کے ترجمان شاہد رند نے بتایا کہ جمعہ کی شام سوراب بازار میں دہشت گردوں نے بینک لوٹ کر مختلف سرکاری افسران کے گھر نذر آتش کیے حملے کے دوران اے ڈی سی ریونیو ہدایت اللہ بلیدی نے دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا وطن کے اس سپاہی نے جان کا نذرانہ دے کر بہادری کی نئی مثال قائم کی۔ شاہد رند نے کہا کہ اے ڈی سی کی رہائشگاہ پر اس وقت خواتین اور بچے بھی موجود تھے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ ایف سی، پولیس اور لیویز فورسز موقع پر پہنچ چکی ہیں اور کلیئرنس آپریشن بھی جاری ہے، ترجمان نے سوراب میں بینک اور انتظامی آفیسر کی رہائش گاہ پر دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ حملہ ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے کی ایک مذموم کوشش ہے، اس پوری کارروائی میں ہندوستان کی پراکسیز ملوث ہیں جنہوں نے اپنے آقاؤں کی ایماء پر یہ حملہ کیا۔ ترجمان نے کہا کہ ریاست دشمن عناصر کی ہر کوشش کو ناکام بنانے کا عزم کیا گیا ہے۔ دریں اثناء صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے دہشت گردوں کے سوراب میں بینک لوٹنے، مختلف سرکاری افیسروں کے گھروں کو نذر آتش کرنے کی مزمت اور اے ڈی سی ریونیو ہدایت بلیدی کی شہادت پر گہرے دکھ وافسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد ملک دشمن قوتوں کی ایما پر بلوچستان میں اس طرح کی بزدلانہ کارروائیاں کرتے ہیں یہ حملے حکومت کی رٹ چیلنج کرنے کی ناکام کوشش ہے کیونکہ ہمارے عوام دہشت گردوں کے ظالمانہ سرگرمیوں سے بخوبی آگاہ ہیں کہ ان کا مقصد مختلف علاقوں میں خوف وہراس پھیلانا اور بے گناہ انسانوں کو شہید کرنا ہے انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت اور سیکیورٹی اداروں نے یہ عزم کیا کہ ان شرپسندوں کی سرکوبی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے ہم سیکیورٹی فورسز کی تعاون کے لیے ہمہ وقت حاضر رہتے ہیں تاکہ دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے۔ صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ ہماری ہمدردیاں اے ڈی سی ہدایت بلیدی کی اہل خانہ کے ساتھ ہیں اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل نصیب کرے۔

## حب: شہری سے رقم چھین کر بھاگنے والے تین ڈاکو مارے گئے، ساتھی فرار

**واقعہ میں شہری غلام حسین مگسی بھی زخمی ہوا، پولیس نے مفرور ملزم کی تلاش شروع کردی**

حب (نامہ نگار) حب میں ڈکیتی کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں تین ڈاکو ہلاک اور شہری شدید زخمی ہوگیا تفصیلات کے مطابق حب کے علاقے جام کالونی میں دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار ڈاکوؤں نے بینک سے رقم نکلوا کر آنے والے نجی فیکٹری کے غلام حسین مگسی کو لوٹنے کی کوشش کی اس دوران شہری اور ڈاکوؤں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں تین ڈاکو ہلاک اور شہری غلام حسین مگسی شدید زخمی ہوگیا جبکہ ملزمان کا ساتھی فرار ہوگیا جس کی پولیس نے تلاش شروع کردی ہے جبکہ واقعہ کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی منظر عام پر آگئی ہے۔

## صحبت پور: نوجوان کی درخت سے لٹکی لاش برآمد

صحبت پور (نامہ نگار) تھانہ آر ڈی 238 کی حدود میں پولیس کو ایک شخص کی نعش درخت سے لٹکی ہوئی ملی ہے جس کی شناخت 20 سالہ عبدالستار کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے نعش کو تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کردیا۔

## طلباء کو منشیات فروخت کرنے والا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اے این ایف نے بلیلی میں یونیورسٹی کے قریب 2 کلو چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا ملزم نے انکشاف کیا ہے کہ وہ کوئٹہ کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلبا کو منشیات فروخت کرتا تھا۔ دریں اثناء ایک اور کارروائی میں سونمیانی میں جھاڑیوں چھپائی گئی 27 کلوگرام ہیروئن برآمد کرلی گئی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

## بیلہ: مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ہونے پر ملزم گرفتار

بیلہ (نامہ نگار) بیلہ پولیس نے ہندو محلے سے چوری ہونے والی موٹر سائیکل کے مقدمے میں ملوث شخص امیر بخش ساکن قاضی سلیمان گوٹھ کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی۔

## بیلہ: پولیس کارروائی میں چھینی گئی گاڑی برآمد، ایک ڈاکو گرفتار

بیلہ (نامہ نگار) ایس ایچ او بیلہ وحید علی مگسی نے سجاد علی نامی شہزور ڈرائیور کی رپورٹ پر بروقت علاقے کی ناکہ بندی کرتے ہوئے نمی چیک پوسٹ کے قریب سنیپ چیکنگ کے دوران ایک ڈکیت کو گرفتار کر کے چھینی گئی شہزور گاڑی برآمد کرلی دو اشخاص نے سامان اٹھانے کے بہانے حب کے علاقے سے مانگیہ گوٹھ بیلہ کیلئے شہزور کرائے پر لی اور راستے میں ٹیارو کے مقام پر جنگل میں لے جا کر گن پوائنٹ پر گاڑی چھین کر فرار ہوگئے گرفتار ڈکیت فضل الرحمان سکنہ قلات سے ایک نقلی پسٹل بھی برآمد ہوا پولیس کے مطابق ملزم سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔

## بیلہ پولیس نے لاوارث کار قبضے میں لے لی

بیلہ (نامہ نگار) ایس ایچ او بیلہ وحید علی مگسی نے دوران گشت این 25 کشاری کے قریب لاوارث کار قبضے میں لے لیا۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ وملحقہ علاقوں میں کمسن بچوں کے لاپتہ ہونے کے واقعات میں اضافہ

**ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، عوامی حلقوں کا پولیس حکام سے مطالبہ**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور ملحقہ علاقوں میں کم سن بچوں کے لاپتہ ہونے کے بڑھتے ہوئے واقعات نے والدین کو تشویش میں مبتلا کردیا، پولیس کی جانب سے بچوں کے اغواء اور لاپتہ ہونے کے حوالے سے سوشل میڈیا پر چلنے والی خبروں پر.........

بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کوئی کارروائی نہیں کی عوامی حلقوں نے آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ اعتزاز احمد گورایہ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) محمد بلوچ سے اس حوالے سے کارروائی کر کے اس میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے تاکہ معصوم بچوں کی اغوا کاری اور لاپتہ کرنے کا سلسلہ بند ہوسکے اور ان کے والدین اہل خانہ بہن بھائیوں کو اس ذہنی کوفت اور تکلیف سے بچایا جا سکے کیونکہ سوشل میڈیا پر وائر خبروں سے عوام میں شدید خوف وہراس پایا جاتا ہے۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 31 MAY 2025 Page No. 12


## عارضی منڈیاں سجنا شروع

# مویشیوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، مالدار پریشان

**لوگوں کی اکثریت قیمتیں پوچھنے تک محدود، اجتماعی قربانی کے رجحان میں اضافہ، مال مویشیوں کی سمگلنگ روک کر قیمتوں میں استحکام لایا جاسکتا ہے، شہریوں کی گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عیدالاضحیٰ کے قریب آتے ہی شہر کے مختلف مقامات پر عارضی منڈیاں تو سجنا شروع ہوگئیں تاہم مویشیوں کی آسمان سے باتیں کرتی قیمتوں کے باعث گاہکوں کی عدم دلچسپی مالدار پریشان تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت میں عارضی مویشی منڈیاں تو سجنا شروع ہوگئیں اور شہریوں نے بھی رخ کرلیا تاہم بکروں، دنبوں، گائے اور اونٹوں کی آسمان سے باتیں کرتی قیمتیں گاہکوں کی عدم توجہی کا سبب ہیں منڈیوں میں خریدار مویشیوں کی قیمتیں سن کر خریدار ششدہ رہ گئے گاہکوں کا کہنا ہے کہ ہر سال کی طرح اس سال بھی مال مویشی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں متوسط طبقے کیلئے بھی سنت ابراہیمی کی پیروی کرنا مشکل ہوتا جارہا ہے شہریوں کی بڑی تعداد کا کہنا ہے کہ اس بار بکرا دنبہ خریدنا ممکن نہیں تاہم اس فریضے کی ادائیگی کیلئے گائے کی قربانی میں حصہ ڈالیں گے اس موقع پر شہریوں نے بکرا منڈیوں میں ناکافی سہولیات کا بھی شکوہ کیا اور ضلعی انتظامیہ سمیت محکمہ لائیوسٹاک کے حکام سے اپیل کی کے وہ روزانہ کی بنیاد پر منڈی میں لائے گئے جانوروں پر اسپرے کریں جبکہ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ مال مویشیوں کی سمگلنگ کا سلسلہ روکا جائے تاکہ قربانی کے جانوروں کی قیمتوں میں استحکام آسکے۔


MASHRIQ QUETTA


# کوئٹہ شدید گرمی کی لپیٹ میں، عوام پانی کی قلت سے دوچار

**کوئٹہ شہر میں واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ فعال بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں**

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ شدید گرمی کی لپیٹ میں عوام کو پانی کی قلت کا سامنا ہے شہری علاقوں میں محکمہ واسا کی جانب سے 2 روز میں ایک بار ایک سے ڈیڑھ گھنٹے تک صاف پانی فراہم کی جارہی ہے جبکہ نواحی علاقوں میں واسا کے کنکشن موجود نہیں جس کے سبب لوگوں کو پانی ٹینکرز کا ہی سہارا حاصل ہے شہریوں کا یہ مسئلہ حل کرنے کے لئے حکومت کی جانب سے .......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

شہر میں واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ نصب کیا گیا تھا لیکن مختلف ادوار میں حکومتی عدم توجہی، وسائل کی کمی اور عوامی آگاہی نہ ہونے کے باعث یہ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ بظاہر وسائل کا ضیاع ثابت ہوا یہ 2007 میں پایہ تکمیل کو پہنچا۔ اس کا مقصد مختلف مراحل کی تکمیل کے بعد سیوریج کا پانی فلٹر کرکے اسے تعمیرات اور باغبانی کیلئے استعمال کیا جانا تھا۔ اور اس کی یومیہ پیداوار 5 ہزار گیلن ہے، لیکن بدقسمتی سے اپنی تکمیل سے اب تک تقریباً ڈیڑھ دہائی کے دوران یہ وسائل اور آگاہی کی کمی کے باعث بند اور چلتا رہا اگرچہ اب یہ 2 سال سے فعال ہے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 31 MAY 2025 Page No. 13

## ترقیاتی منصوبوں پر بروقت عمل درآمد کو ہرصورت یقینی بنانے کا عزم!

گذشتہ روز صوبائی وزیرخزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیرصدارت ترقیاتی سکیموں کے بجٹ کا ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں سیکرٹری خزانہ عمران زرکون،سپیشل سیکرٹری خزانہ جہانگیراوردیگر حکام نے شرکت کی۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیرخزانہ میر شعیب نوشیروانی نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں پر بروقت عمل درآمد کو ہرصورت یقینی بنایا جائیگا۔حکومت شفافیت،کفایت شعاری اور وسائل بروئے کار لائے گی۔این ایف سی ایوارڈ کے تحت وفاق سے ملنے والے فنڈز ٹیکس میں وصولیوں سے حاصل،محاصل اور رائلٹی کو موثر اورشفاف انداز میں استعمال کیا جائے گا۔اجلاس میں غیرضروری اور غیر پیداواری اخراجات کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔اجلاس میں چھوٹی اورعوامی مفاد کی حامل ترقیاتی سکیموں کے لیے مختص فنڈز فوری طور پر جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل ممکن ہو اورعوام جلدازجلدان کے ثمرات سے مستفید ہو۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی وزیرخزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیرصدارت ہونے والے اعلیٰ سطحی اجلاس میں مذکورہ فیصلے قابل تعریف ہیں۔انہوں نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں پر بروقت عمل درآمد ہرصورت یقینی بنانے کی جو بات کی ہے وہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وہ ترقیاتی منصوبوں کو جلد مکمل کرنے کے خواہاں ہیں کیونکہ ہمارے ہاں بدقسمتی سے اکثر ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل نہیں ہو پاتے ان میں بڑا عرصہ لگایا جاتا ہے۔اس میں وقت کے ضیاع کے ساتھ ساتھ پیسے بھی ضائع ہوتے ہیں جوکہ یقیناً صوبے اور اس کے عوام کا نقصان ہے۔اس لیے اس کا روکنا ضروری ہے۔جہاں تک این ایف سی ایوارڈ کے تحت وفاق سے ملنے والے فنڈز ٹیکس وصولیوں سے حاصل محاصل اور رائلٹی کو موثر اور شفاف انداز میں استعمال کرنے کی بات ہے تو صوبائی وزیرخزانہ کو متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کرنی چاہئیں کہ وہ اس سلسلے میں اقدامات کریں تاکہ یہ فنڈز بروقت مل سکیں۔اجلاس کے غیرضروری اور غیر پیداواری اخراجات ختم کرنے کے فیصلے سے فائدہ حاصل ہوگا۔اس لیے غیرضروری اور غیر پیداواری اخراجات ختم کرنا بہت ضروری ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

ت اعلیٰ تعلقات عامہ
کومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No. 6

Dated: 31 MAY 2025

Page N

## بلوچستان میں ووکیشنل ٹیکنیکل ایجوکیشن کا فروغ، حکومت کے مستحسن فیصلے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت گزشتہ روز بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے امور سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا ہے جس میں مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت اجلاس کو متعلقہ حکام کی جانب سے بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی کے امور سے متعلق بریفنگ دی گئی اور صوبے کے تمام پولی ٹیکنیک اداروں، ٹیکنالوجی کالجز، سوشل ویلفیئر اور اسمال انڈسٹریز کے ٹریننگ مراکز کو محکمہ محنت و افرادی قوت کے زیرانتظام لاتے ہوئے بی ٹیوٹا کے حوالے کرنے کا فیصلہ کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن اور ٹریڈ ٹیسٹنگ بورڈ کا آپریشنل کنٹرول بھی بی ٹیوٹا کے زیرانتظام لایا جائے گا وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ اس حوالے سے لیگل فریم ورک میں ترامیم کو منظوری کے لئے کابینہ اجلاس میں پیش کیا جائے انہوں نے کہا کہ دیگر صوبے اپنے تمام تکنیکی اداروں کو ایک چھت کے تلے لا چکے ہیں اور یہاں بھی ضروری ہے کہ بلوچستان کے تمام تکنیکی اداروں کو بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی کے زیرانتظام لایا جائے تاکہ امور کے انجام دہی میں بہتری لائی جاسکے۔ ہمیں قوی امید ہے کہ اس فیصلے سے صوبے کے مستقبل پر مثبت اور خوشگوار اثر پڑے گا امور کی انجام دہی بہتر ہوگی اور بی ٹیوٹا باقی صوبوں کے صوبائی ووکیشنل اتھارٹیز کی طرح فعال و متحرک کردار ادا کرتے ہوئے ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے فروغ کے لئے مثالی کردار ادا کرے گی۔ بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے لئے ووکیشنل اور ٹیکنیکل تعلیم کی اہمیت کو سمجھنا بہت ضروری ہے۔ یہاں کے نوجوانوں کو روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ ایسے ہنر سکھانے کی ضرورت ہے جو انہیں نہ صرف روزگار کے مواقع فراہم کریں بلکہ صوبے کی معیشت میں بھی فعال کردار ادا کرنے کے قابل بنائیں۔ بلوچستان میں بے روزگاری ایک بڑا چیلنج ہے، اور ہنرمند افرادی قوت کی کمی اس مسئلے کو مزید سنگین بنا دیتی ہے۔ صنعتوں کی ترقی، انفراسٹرکچر کے منصوبے اور مختلف شعبوں میں ہنرمند افراد کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لئے ووکیشنل ٹریننگ ناگزیر ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیرقیادت موجودہ صوبائی حکومت بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ اس مقصد کے لئے نہ صرف امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے پر توجہ دی جا رہی ہے بلکہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں بھی اصلاحات لائی جا[illegible] ووکیشنل ٹیکنیکل ایجوکیشن کو حکومت کی ترجیحات میں سربراہی میں ہونے والا اعلیٰ سطحی اجلاس ہے جس میں تمام سمال انڈسٹریز تربیتی مراکز کو بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی (BTEVTA) کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ یہ ایک دور اندیشانہ فیصلہ ہے جو صوبے میں ہنرمندی کے فروغ کے لئے ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔ بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی کو صوبے میں ٹیکنیکل اور ووکیشنل تعلیم کے فروغ کا فریضہ سونپا گیا ہے۔ اس اتھارٹی کے تحت آنے والے تربیتی مراکز نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں مہارتیں فراہم کریں گے۔ ان شعبوں میں الیکٹریکل، مکینیکل، انفارمیشن ٹیکنالوجی، سول کنسٹرکشن، زراعت، دستکاری اور دیگر ہنر شامل ہو سکتے ہیں۔ ان مراکز کو بی ٹیوٹا کے تحت لانے سے ان کی کارکردگی میں بہتری آئے گی، نصاب کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جاسکے گا، اور تربیتی معیار میں یکسانیت لائی جاسکے گی۔ بی ٹیوٹا کے زیرانتظام آنے سے ان مراکز کے تربیتی معیار میں نمایاں بہتری آئے گی۔ نصاب کو مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ڈھالا جاسکے گا، اور جدید ٹیکنالوجی سے لیس ورکشاپس قائم کی جاسکیں گی۔ ہنرمند نوجوانوں کو نا صرف مقامی صنعتوں میں روزگار کے مواقع ملیں گے بلکہ وہ خود اپنا کاروبار بھی شروع کرسکیں گے۔ اس سے بے روزگاری کی شرح میں کمی آئے گی اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ ہنرمند افرادی قوت کی دستیابی سے صوبے میں صنعتی ترقی کی راہ ہموار ہوگی۔ سرمایہ کار بلوچستان میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے راغب ہوں گے، جس سے نئی صنعتیں قائم ہوں گی اور روزگار کے مزید مواقع پیدا ہوں گے۔ جب نوجوان ہنرمند ہوں گے اور انہیں روزگار کے مواقع ملیں گے تو ان کی آمدنی میں اضافہ ہوگا، جس سے غربت کی شرح میں کمی آئے گی۔ بلوچستان کے نوجوانوں کو بااختیار بنا کر انہیں صوبے کی تعمیر و ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کے قابل بنایا جاسکے گا۔ وہ صوبے کے قدرتی وسائل کو بہتر طریقے سے استعمال کرنے اور ان سے فائدہ اٹھانے میں مدد کریں گے۔ اگرچہ یہ ایک خوش آئند قدم ہے، لیکن اس فیصلے کے مکمل فوائد حاصل کرنے کے لئے کچھ چیلنجز پر قابو پانا ضروری ہے مثلاً فنڈز کی دستیابی یقینی بنانا ہوگی ماہر اساتذہ لانے ہوں گے انڈسٹریز کو فروغ دینا ہوگا بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے لئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ حکومت کی جانب سے نوجوانوں کو ووکیشنل ٹیکنیکل ایجوکیشن کی فراہمی کو یقینی بنانا ایک اہم اور مثبت اقدام ہے۔ تمام سمال انڈسٹریز تربیتی مراکز کو بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی کے سپرد کرنے کا فیصلہ دوررس نتائج کا حامل ہوگا۔ یہ نہ صرف بلوچستان کے نوجوانوں کو ہنرمند بنائے گا بلکہ صوبے کی معاشی ترقی اور سماجی استحکام میں بھی کلیدی کردار ادا کرے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

6

Bullet No.

Dated: 31 MAY 2025 Page No. 5

# بلوچستان: جامعات پر ایک اور سنگین معاشی حملہ

22 مئی کو محکمہ کالجز، ہائیر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن حکومت بلوچستان کی جانب سے جو سرکاری نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے بظاہر اس کا مقصد بلوچستان کی تمام سرکاری جامعات کے لیے ایک یکساں سیلری اسٹرکچر متعارف کرانا ہے لیکن اس نوٹیفکیشن کو ایک معاشی بم کی صورت

ڈاکٹر طاہر حکیم

میں بلوچستان کے سرکاری جامعات پر گرایا گیا ہے جس کے نتیجے میں اعلیٰ تعلیم وتحقیق پر معاشی وار کرنے کے ساتھ ایک پروفیسر کی تنخواہ کو سول سیکریٹریٹ یا وزیر اعلیٰ سیکریٹریٹ کے ایک جونیئر کلرک کی تنخواہ سے بھی کم درجے پر لایا گیا ہے۔ اس عمل سے نہ صرف ایک یونیورسٹی استاد کو تحقیق اور لکھنے پڑھنے کے بنیادی حق سے محروم کردیا گیا ہے۔ بلکہ یونیورسٹی استاد اور پروفیسر کے وقار اور پوزیشن کو بھی انتہائی مجروح اور بے توقیر بنادیا گیا ہے۔ حتیٰ کہ اس کی سفید پوشی بھی اس سے چھین لی گئی ہے۔

جاری کردہ نوٹیفکیشن کے ذریعے بلوچستان کے تمام سرکاری جامعات کے ملازمین کی پے پروٹیکشن کو بیک جنبش قلم ختم کردیا گیا ہے۔ طویل عرصے سے ملنے والی بنیادی اور منظور شدہ الاؤنسز جیسے ہاؤس ریکوزیشن، ٹیکنیکل سبجکٹ الاؤنس، یوٹیلٹی الاؤنس، ہارڈ شپ الاؤنس، اسپیشل الاؤنس جیسے یوٹمز الاؤنس وغیرہ کو ختم کرکے ان کی جگہ ایک نام نہاد پبلک سیکٹر یونیورسٹیز الاؤنس متعارف کروایا گیا ہے جو تضادات سے بھرپور اور انتہائی غیر منصفانہ ہے۔ جس کے تحت یہ الاؤنس کوئٹہ کے جامعات کو 25 فیصد جبکہ کوئٹہ شہر سے باہر کے جامعات کے ملازمین کو 35 فیصد بنیادی تنخواہوں پر دیا جائے گا جو کہ سابقہ الاؤنس اور مالی معاونت کی نسبت انتہائی کم بلکہ نہ ہونے کے برابر ہے۔

اس نوٹیفکیشن پر عمل درآمد ہونے کی صورت میں بلوچستان کے بحران زدہ اعلیٰ تعلیمی وتحقیقی ادارے مزید تباہی اور تنزلی کی طرف گامزن ہونگے۔ ان کی ترقی کا فوراً سفر رک جائے گا۔ پروفیسر سے لے کر نچلے درجوں پر کام کرنے والے ملازمین کی مالی اور معاشی حالت مزید خراب ہوگی جس کے اثرات ان کے پیشہ ورانہ سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ عام سماجی ومعاشرتی زندگی پر بھی پڑیں گے۔ چھوٹے درجے کے ملازمین جو محنت کشوں میں شمار ہوتے ہیں وہ اس بھاری بوجھ کے تلے دب جائیں گے۔

نوٹیفکیشن کے مطابق بلوچستان کے تمام سرکاری جامعات کو ملنے والی گرانٹ اِن ایڈ کو بھی محدود کردیا گیا ہے اب وہ صرف تنخواہوں اور پنشنز کی مد میں استعمال ہوسکتے ہیں۔ جبکہ جامعات کی آپریشنل اخراجات کی مالی معاونت مکمل ختم کردی گئی ہے اور جامعات کو کہا گیا ہے کہ وہ اپنے ٹرانسپورٹ، پانی، گیس، بجلی، انٹرنیٹ، صفائی، تحقیق، امتحانات، کاغذ، قلم، سمیت کیمپس کے تمام اندرونی اخراجات اپنے ہی ذرائع پیداوار سے پورا کریں۔ جوکہ ایک انتہائی احمقانہ اور جاہلانہ بات ہے۔ بلوچستان جیسے انتہائی پسماندہ صوبے میں جہاں نجی وصنعتی شعبہ اور بنیادی انفراسٹرکچر نہ ہونے کے برابر ہے اپنے ہی ذرائع سے مالی وسائل پیدا کرنا اور اتنے بڑے اخراجات کو پورا کرنا نہ صرف مشکل بلکہ ناممکن ہے یقیناً اس کے منفی اثرات طلباء اور ان کے غریب والدین پر ہی پڑیں گے۔ جس کے نتیجے میں جامعات کو سمسٹر فیسوں میں بے تحاشا اضافہ کرنا پڑتا ہے جس سے پسماندہ علاقوں کے غریب طالب علم اعلیٰ تعلیم کے حق سے محروم ہوجائیں گے۔

بلوچستان کے جامعات جو پہلے سے مختلف مالی، انتظامی اور ادارہ جاتی مسائل اور مشکلات کا شکار ہیں اس نوٹیفکیشن نے ان کے بنیادی مسائل میں مزید اضافہ کرکے ایک انتہائی سنگین تعلیمی، تدریسی اور مالی بحران کو جنم دیا ہے بلکہ یہ بحران یہاں رُکنے والی نہیں ہے کیونکہ صوبائی حکومت جامعات کو مزید بے اثر اور مکمل بے دست وپا کرنے کے لیے ایک اور یونیورسٹیز ماڈل ایکٹ لانے کی تیاری کررہی ہے۔ جس کے نتیجے میں جامعات کی خودمختاری پر شب خون مارکر، انہیں پرائمری اسکول کی طرح کے ادارے بنائیں جائیں گے۔

جبکہ یہ نوٹیفکیشن خود ماروائے قانون، بنیادی انسانی حقوق اور بلوچستان یونیورسٹیز ماڈل ایکٹ 2022 کی کھلی اور مکمل خلاف ورزی ہے جس کے تحت جامعات خودمختار ادارے ہونگے، ان کے تمام انتظامی، تحقیقی اور مالی معاملات ان کے اپنے بااختیار اداروں یعنی فنانس اینڈ پلاننگ، سینڈیکیٹ اور سینیٹ کے ذریعے ہی طے کئے جائیں گے لیکن صوبائی حکومت نے اس نوٹیفکیشن کے ذریعے اپنی ہی اسمبلی کی بنائی ہوئی ماڈل ایکٹ کو پاؤں تلے روندتے ہوئے یہ غیر متنازعہ اور غیر منصفانہ نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ جس کے نتیجے میں ملازمین کے بنیادی حقوق کو مکمل سلب کیا گیا ہے۔ انہیں عدم تحفظ، ذہنی اذیت اور شدید تشویش میں مبتلا کرکے احتجاج پر مجبور کیا گیا ہے۔

صوبائی حکومت کے اس اقدام سے بالعموم بلوچستان کے تمام جامعات اور بالخصوص یونیورسٹی آف تربت سب سے زیادہ متاثر ہوگی۔ اس کے منفی اثرات سب سے زیادہ جامعہ تربت پر ہی پڑیں گے۔ یونیورسٹی آف تربت جو بلوچستان کی دوسری سب سے بڑی جنرل یونیورسٹی ہے مکران جیسے انتہائی سخت خطے کے غریب طلباء وطالبات کے لیے اعلیٰ تعلیم تک رسائی کا ایک بہترین اور اعلیٰ تعلیمی درس گاہ ہے لیکن موجودہ صوبائی حکومت کی اس غیر دانشمندانہ فیصلے نے یونیورسٹی آف تربت کے مستقبل کے آگے سوالیہ نشان لگا دیا ہے کیونکہ اس نوٹیفکیشن پر عمل درآمد ہونے کی صورت میں یونیورسٹی آف تربت کو بند ہونا ہی پڑے گا۔

مکران سے تعلق رکھنے والے وہ اراکین اسمبلی جو اپنے آپ کو تعلیم کے چیمپین کے طور پر پیش کرتے ہیں ان کے منہ پر یہ ایک زوردار طمانچہ ہے۔ کابینہ میں شامل اراکین ووزراء اس گناہ میں براہ راست شریک ہیں کیونکہ یہ فیصلہ ان ہی کی حکومت کی طرف سے آیا ہے۔

جامعات، نالج، ریسرچ اور لیڈرشپ پیدا کرنے والے بنیادی ادارے ہوتے ہیں۔ جدید دنیا اپنے جامعات، اسکالر، ریسرچر اور پروفیسر کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے ان پر فخر کرتی ہے۔ انہیں اپنا ذہنی وفکری ترجمان قرار دے کر انہیں ہر قسم کی سہولیات اور تحقیق کے لیے وسائل فراہم کرتی ہے لیکن پاکستان بالخصوص بلوچستان میں اسکالر اور ریسرچر کی بجائے ایک سترہ گریڈ کے سیکشن آفیسر اور اسسٹنٹ کمشنر کی اہمیت سب سے زیادہ ہوتی ہے۔ ہم وہ قوم ہیں جو اکیسویں صدی میں بھی ایک استحصالی اور نوآبادیاتی ایجوکیشن سسٹم کے ذریعے منتخب ہونے پر فخر کرتے ہیں۔ اس پر مرمٹتے ہیں۔ سی ایس ایس اور پی سی ایس جیسے نوآبادیاتی امتحانات میں پاس ہونے والے امیدواروں کے لیے جشن مناتے ہیں۔ شادیانے بجاتے ہیں، ڈھول کی تاپ پر رقص کرتے ہیں لیکن ایک استاد اور محقق کو دھتکارتے ہیں۔ انہیں نشان عبرت بناتے ہیں۔ ان سے زندگی کا بنیادی حق چھین لینے میں ذرا بھی دیر نہیں کرتے۔

بلوچستان وہ بدقسمت خطہ بھی ہے کہ جہاں اکیسویں صدی میں بھی اس کی سیاسی وحکومتی قیادت ایسے لوگوں کے ہاتھوں میں ہے جو ایک یونین کونسل چلانے کی اہلیت وصلاحیت بھی نہیں رکھتے۔ جب ان کی سیاسی سوجھ بوجھ نہ ہونے کے برابر ہو تو وہ جامعات جیسے بڑے اعلیٰ تعلیمی اور تحقیقی اداروں کی اہمیت وافادیت کو کیسے سمجھ سکتے ہیں۔ اس لیے تمام صوبائی حکومتوں کی ترجیحات میں تعلیم اور تحقیق سرے سے غائب ہے۔ بلکہ ان کی پہلی اور آخری ترجیح صوبائی پی ایس ڈی پی کے وہ اسکیمات ہوتی ہیں جو وہ اپنی مرضی یا دباؤ سے شامل کرواتے ہیں جن سے انہیں بے تحاشا مالی فوائد، کمیشن اور منافع بخش ٹھیکہ ملنے کے امکانات ہوں۔ اس لیے حکومت سمیت اپوزیشن اراکین اسمبلی کی بھی نگاہیں پی ایس ڈی پی پر مرکوز ہوتی ہیں اور انہیں عوامی فلاح وبہبود سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی۔

ستم ظریفی یہ ہے کہ ایک طرف جامعات پر معاشی حملے کئے جارہے ہیں جبکہ دوسری طرف صوبے کے وزیر اعلیٰ کے فنڈز سے صرف ایک مہینے کی راشن اسکیم کے لیے پانچ ارب روپے، ایک سال کے اندر وزیر اعلیٰ ہاؤس کی شاہ خرچیوں کے لیے ایک ارب چودہ کروڑ روپے، صوبائی اسمبلی کی نئی عمارت کی تعمیر کے لیے پانچ ارب روپے، پولوگراؤنڈ اور مختلف سوشل میڈیا اکاؤنٹ کو چلانے کے لیے اربوں روپے، لیپس ہونے کے لیے بھی اربوں روپے کی خطیر رقم موجود ہوتی ہے جبکہ بیرونی ممالک کی سرکاری دوروں، لگژری گاڑیوں کی خریداری، سول سیکریٹریٹ، وزیر اعلیٰ سیکریٹریٹ، گورنر سیکریٹریٹ بمع ہاؤسسز جبکہ محکمہ خزانہ اور پی اینڈ ڈی کے ملازمین کے بونس، اسپیشل الاؤنس، عیدی ودیگر مالی مراعات کے لیے خزانہ بھرا ہوا ہے۔ اسی طرح سولر، بندات، لنک روڈ، بیرونی ممالک کے سیرسپاٹوں کے لیے وسائل کی کوئی کمی نہیں ہے لیکن جامعات اور تعلیم کا شعبہ صوبائی حکومت پر بوجھ ہیں۔

ایک پروفیسر کی تنخواہ یا اسے ملنے والی عام آرڈرلی الاؤنس یا انسانی وسائل کی ترقی، تحقیق اور بنیادی تعلیمی سہولیات کی فراہمی کو حکومت اپنے لیے ایک بہت بڑا معاشی بوجھ سمجھتی ہے جس کے لیے تنخواہوں کا یکساں مالی نظام متعارف کرانے کی بات ہورہی ہے۔ یقیناً جامعات کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا لیکن منصفانہ طریقہ یہی ہے کہ اس کا آغاز سب سے پہلے وزراء اور بیوروکریسی سے ہی کیا جائے۔ سب سے پہلے وزراء اور سول بیوروکریسی کی مالی اخراجات، شاہ خرچیوں اور مراعات کو کم کیا جائے۔ بیوروکریسی جو ہر مالی مراعات اور الاؤنس کو اپنا بنیادی حق سمجھتی ہے یہ حق ان سے واپس لیا جائے۔ وزیر اعلیٰ سیکریٹریٹ اور سول سیکریٹریٹ کے تمام ملازمین کو بھی اسی دائرے میں لایا جائے۔ اگر بات حساب کتاب یا احتساب کی ہو تو قدموں کے نشانات بہت دور تک چلے جاتے ہیں حالانکہ جامعات کا اپنا ایک داخلی میکنزم ہوتا ہے دو سے تین اعلیٰ سول بیوروکریٹ بھی اس داخلی نظام کے اہم اسٹیک ہولڈرز کی صورت میں موجود ہوتے ہیں کوئی بھی فیصلہ ان کی مرضی کے بغیر ہو ہی نہیں سکتا۔

اٹھارویں ترمیم کے بعد سابقہ اور موجودہ صوبائی حکومتوں اور سول بیوروکریسی نے جامعات کے خوب صورت چہرے کو بگاڑ کر انہیں بری طرح مسخ کردیا ہے۔ ان کے اندر کی روح نکال دی ہے۔ انہیں بے نور اور بے روح کردیا ہے۔ سترہ گریڈ کا ایک سیکشن آفیسر بلوچستان کے اعلیٰ تعلیمی اور تحقیقی اداروں کے فیصلے کرتا ہے۔ وائس چانسلرز کو ڈکٹیشن دیتا رہتا ہے۔ شاہی فرمان جاری کرتا ہے۔ تین، تین گھنٹے انتظار کرواتا ہے، جبکہ دوسری طرف صوبے میں تعلیمی ایمرجنسی بھی نافذ ہے۔

یہ مجوزہ نوٹیفکیشن بھی موجودہ صوبائی حکومت اور سول بیوروکریسی کی ملی بھگت سے تیار ہوئی ہے یقیناً اس میں جامعات کے وائس چانسلرز کے کردار کو بھی کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جاسکتا لیکن جامعات کے تمام اساتذہ اور ملازمین نے اسے معاشی حملہ اور علم دشمن عمل قرار دے کر مکمل مسترد کردیا ہے اور اس کی منسوخی تک ایک موثر احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کردیا ہے۔ یقیناً معاشرے کے اس باشعور طبقے کی اضطراب، تشویش، بے چینی اور جدوجہد تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہوسکتی ہے۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 Dated 31 MAY 2025 Page No. 16



# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 31 MAY 2025 Page No.________



صوبائی وزیر شعیب نوشیروانی کے سسر کے انتقال پر میر زابدریکی' کرنل بلال شوکت' ڈی آئی جی رخشان خان ناصر و دیگر فاتحہ خوانی کررہے ہیں



سنجاوی' صوبائی وزیر نور محمد دمڑ کا کرکٹ لیگ کے فائنل کے موقع پر کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ



زیارت' صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ' ڈی سی ذکاء اللہ درانی' حبیب اللہ ناصر زئی و دیگر یوم تکبیر کے موقع پر ریلی شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

CamScanner